WATTAN
The Urdu Daily
روزنامہ
وطن
بڈگام

بدھوار
02 ستمبر 2026
WEDNESDAY
02 SEPTEMBER - 2026

پاکستان کی شرمناک شکست صفحہ 08

خواتین چیمپئن ٹرافی کی میزبانی کا حق سری لنکا سے چھین لیا گیا صفحہ 08

جلد: 16 ■ شمارہ نمبر: 216 ■ صفحات: 08 ■ قیمت: 02 روپے ■ RNI No. JKURD/2011/37141 ■ The Urdu Daily WATTAN Budgam

ملک کی 3 ہائی کورٹس کیلئے چیف جسٹس کی تقرری

جسٹس پشپندر سنگھ جموں و کشمیر و لداخ ہائی کورٹ کیلئے نامزد

سری نگر//یکم ستمبر// جے کے این ایس//سپریم کورٹ کے کولیجیم نے ملک کی 3 ہائی کورٹس کے چیف جسٹس کی تقرری کیلئے موجودہ ہائی کورٹ ججوں کے ناموں کی سفارش کی ہے۔ جے کے این ایس کے مطابق یہ سفارشات 31 اگست 2026 کو منعقدہ سپریم کورٹ کولیجیم کے اجلاس میں کی گئیں، جس میں مختلف ہائی کورٹس میں چیف جسٹس کے خالی عہدوں کو پُر کرنے کے عمل کا جائزہ لیا گیا۔ کولیجیم کی جانب سے جاری بیان کے مطابق چھتیس گڑھ ہائی کورٹ کے جسٹس ججے کے/101

امن وسلامتی ہندوستان کے SCO ویژن کا پہلا ستون

جنگ کا حل میدان جنگ نہیں بلکہ مذاکرات میں مضمر

دہشت گردی کے پورے ماحولیاتی نظام کو ختم کرنا ہوگا، دوہرے معیار کی گنجائش نہیں
مغربی ایشیا بحران سے پوری دنیا کو متاثر، خمیازہ گلوبل ساؤتھ ممالک کو بھگتنا پڑا
منشیات کی اسمگلنگ نوجوانوں اور علاقائی سلامتی کیلئے بڑا خطرہ / وزیر اعظم مودی

سرینگر//یکم ستمبر//این این پی//دہشت گردی کے خلاف عالمی سطح پر متحدہ اور فیصلہ کن کارروائی کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ دہشت گردی کے پورے ماحولیاتی نظام کو ختم کرنا ہوگا، جس میں دہشت گردوں کی مالی معاونت، بھرتی، انتہا پسندی کو فروغ دینے اور انہیں محفوظ پناہ گاہیں فراہم کرنے کا نظام شامل ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں کسی بھی قسم کے ''دوہرے معیار'' کی کوئی گنجائش نہیں ہونی چاہیے۔ نیشنل نیوز بیورو (این این پی) کے مطابق وزیراعظم نریندر مودی نے بشکیک میں منعقدہ

شنگھائی تعاون تنظیم (ایس سی او) کے 26ویں سربراہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ دہشت گردی پوری انسانیت کے لیے ایک سنگین چیلنج بنی ہوئی ہے اور اس سے نمٹنے کی حکمت عملی صرف کارروائی اور جوابی کارروائی تک محدود نہیں رہ سکتی۔ وزیراعظم مودی نے کہا کہ دہشت گردی کے خاتمے کے لیے اس کے بنیادی ڈھانچے اور پورے ماحولیاتی نظام کو نشانہ بنانا ضروری ہے۔ انہوں نے کہا ''ہمیں دہشت گردی کے پورے ماحولیاتی نظام کو ختم کرنا ہوگا، جس میں اس کی مالی معاونت، بھرتی،/102

گزشتہ 2 برسوں میں اپنی نوعیت کی پہلی اہم پیش رفت

آئی جی پی کشمیر سوجیت کمار کی وزیراعلیٰ سے تعظیمی ملاقات

عمر عبداللہ نے کیا کامیاب مدت ملازمت کیلئے نیک تمناؤں کا اظہار

سری نگر//یکم ستمبر// جے کے این ایس//گزشتہ 2 برسوں میں اپنی نوعیت کی پہلی اہم پیش رفت میں انسپکٹر جنرل آف پولیس (آئی جی پی) کشمیر سوجیت کمار، آئی پی ایس نے منگل کو کشمیر پولیس زون کے سربراہ کے طور پر اپنے حالیہ چارج سنبھالنے کے بعد سری نگر کے سول سیکرٹریٹ میں وزیراعلیٰ عمر عبداللہ سے ایک تعظیمی ملاقات کی۔ جے کے این ایس کے مطابق میٹنگ کے دوران وزیراعلیٰ نے سوجیت کمار کو وادی کشمیر میں کامیاب اور نتیجہ خیز مدت ملازمت کیلئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ جموں و کشمیر کے لیفٹیننٹ گورنر نے 27 اگست 2026 کو محکمہ پولیس میں بڑے پیمانے پر ردوبدل کا حکم دیا، کئی سینئر آئی پی ایس اور جے کے پی ایس افسران کے تبادلے/103

لوک بھون سرینگر میں لیفٹننٹ گورنر کی صدارت میں اعلیٰ سطحی میٹنگ

جموں و کشمیر کی مجموعی سیکورٹی صورتحال کا لیا گیا جائزہ

سیکورٹی ایجنسیوں کے درمیان رابطہ وتعاون کو مزید مؤثر بنانے پر زور

سرینگر//یکم ستمبر//این این پی//لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے لوک بھون سرینگر میں ایک اعلیٰ سطحی سیکورٹی جائزہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے مرکز کے زیر انتظام علاقے کی مجموعی سیکورٹی صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا۔ نیشنل نیوز بیورو (این این پی) کے مطابق لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا کی قیادت میں سرینگر میں اعلیٰ سطحی سیکورٹی جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ ذرائع کے مطابق اجلاس میں جموں و کشمیر میں موجودہ سیکورٹی صورتحال، مختلف علاقوں

میں سیکورٹی فورسز کی تیاریوں اور کسی بھی ممکنہ چیلنج سے نمٹنے کے لیے اختیار کیے جانے والے اقدامات پر تفصیلی غور وخوض کیا گیا۔ اجلاس میں فوج، جموں و کشمیر پولیس، انٹیلی جنس ایجنسیوں اور سول انتظامیہ کے اعلیٰ افسران/104

خراب موسمی صورتحال کے پیش نظر

پونچھ میں منگل کو تمام اسکول بند

سری نگر//یکم ستمبر// جے کے این ایس//خراب موسمی صورتحال، شدید بارشوں اور دریاؤں و نالوں میں پانی کی سطح بڑھنے کے پیش نظر پونچھ ضلع میں منگل کو تمام سرکاری و نجی اسکول بند رکھنے کے احکامات جاری کیے گئے۔ جے کے این ایس کے مطابق چیف ایجوکیشن آفیسر پونچھ کی جانب سے جاری حکم نامے میں کہا گیا کہ موجودہ خراب موسمی حالات کے پیش نظر طلبہ اور عملے کی حفاظت و سلامتی اولین ترجیح ہے۔ حکم نامے کے مطابق احتیاطی اقدام کے طور پر ضلع پونچھ کے تمام سرکاری اور نجی اسکول آج یعنی منگل کو بند رہیں گے۔ متعلقہ حکام اور اسکول انتظامیہ کو/105

جموں کشمیر قانون ساز اسمبلی کا 10 روزہ خزاں اجلاس، تیاریاں جاری

21 ستمبر سے شروع ہونے والی اجلاس میں سات سے آٹھ نشستیں ہوں گی

83 ممبران میں سے صرف 20 نے نجی بل جمع کرائے ڈیلی ویجروں کی مستقلی، کم از کم اجرت اور ٹرانسفر پالیسی سے متعلق بل بھی جمع

سرینگر//یکم ستمبر//این این پی//رواں ماہ کی 21 تاریخ سے دس روزہ جموں کشمیر قانون ساز اسمبلی کے خزاں اجلاس کیلئے تیاریاں زوروں پر جس دوران 83 ارکان میں سے صرف 20 نے نجی بل جمع کرائی ہے۔ اس دوران بجٹ اجلاس سے متعلق 49 پرائیویٹ ممبرز بل پہلے ہی زیرالتوا ہیں۔ نیشنل نیوز بیورو (این این پی) کے مطابق قانون سازی کو مقننہ کا بنیادی فریضہ قرار دیے جانے کے باوجود جموں و کشمیر قانون ساز اسمبلی کے آئندہ

خزاں اجلاس کے لیے صرف 20 ارکان نے پرائیویٹ ممبرز بل جمع کرائے ہیں، جبکہ 83 اہل ارکان میں سے 63 ارکان نے اس موقع سے فائدہ نہیں اٹھایا۔ واضح رہے کہ اسمبلی کا خزاں اجلاس 21 ستمبر سے سرینگر میں شروع ہونے والا ہے۔ ذرائع کے مطابق 90 رکنی اسمبلی میں 83 ارکان کو 25 اگست تک ایک ایک نجی بل جمع کرانے کا حق حاصل تھا۔ قانون ساز اسمبلی سیکرٹریٹ کی جانب سے جاری کردہ بلیٹن میں ارکان کو اس سلسلے میں مطلع کیا گیا تھا۔ ایوان میں وزیراعلیٰ سمیت چھ وزراء اور اسپیکر بھی شامل ہیں۔ دستیاب اعداد وشمار کے مطابق آئندہ اجلاس کے لیے صرف 20 ارکان نے ایک ایک نجی بل جمع کرایا ہے، جبکہ باقی 63 ارکان/106

جاوید ڈار نے کرال گنڈ میں بی ڈی سی عمارت کا اِفتتاح کیا

جوابدہ اور شفاف نچلی سطح کی حکمرانی پر زور

کپواڑہ//انفو//وزیر برائے زرعی پیداوار، دیہی ترقی و پنچایتی راج، امداد باہمی اور الیکشن محکمہ جات جاوید احمد ڈار نے کرال گنڈ کپواڑہ میں بلاک ڈیولپمنٹ کونسل (بی ڈی سی) کی عمارت کا افتتاح کیا جو پنچایتی راج اداروں کو مضبوط بنانے اور ترقیاتی انتظامیہ کو لوگوں کے قریب لانے کی سمت/107

جموں و کشمیر میں بڑا انتظامی ردوبدل

136 JKAS افسران کے تبادلے اور تقرریاں

ڈاکٹر فیاض بانڈے ڈائریکٹر اربن لوکل باڈیز کشمیر اور مسرت ہاشم ایڈمنسٹریٹر اسپتالس تعینات

سرینگر/یکم ستمبر/این این پی// جموں و کشمیر حکومت نے منگل کے روز بڑے پیمانے پر انتظامی ردوبدل کرتے ہوئے جموں و کشمیر ایڈمنسٹریٹو سروس (جے کے اے ایس) کے 136 افسران کے تبادلے اور تقرریاں عمل میں لانے کے احکامات جاری کیے ہیں۔ یہ افسران مختلف محکموں اور اضلاع میں تعینات کیے گئے ہیں۔ نیشنل نیوز بیورو (این این پی) کے مطابق جموں و کشمیر حکومت نے منگل کے روز بڑے پیمانے پر انتظامی ردوبدل کا اعلان کیا ہے اس ضمن میں محکمہ جنرل ایڈمنسٹریشن کی جانب سے جاری حکومتی حکم کے تحت یہ تبادلے فوری طور پر نافذ العمل ہوں گے۔ اہم تقرریوں کے تحت جے کے اے ایس افسر شہباز احمد مرزا، جو جموں و کشمیر اسپیشل ٹریبونل کے رکن تھے، کو منتقل کر کے دستیاب اسامی کے خلاف سیکریٹری، جموں و کشمیر پبلک سروس کمیشن مقرر کیا گیا ہے۔ اسی طرح سے گلزار احمد ڈار، جے کے اے ایس، جو پلاننگ، ڈیولپمنٹ اینڈ مانیٹرنگ محکمہ میں اسپیشل سیکریٹری کے طور پر تعینات تھے، کو محکمہ کوآپریٹوز میں اسپیشل سیکریٹری مقرر کیا گیا ہے۔ وہ اس سے قبل ایڈیشنل ڈسٹرکٹ ڈیولپمنٹ کمشنر کپواڑہ کے عہدے پر فائز تھے۔ حکمنامہ کے مطابق رفعت کوہلی، جے کے اے ایس، اسپیشل سیکریٹری ہاؤسنگ اینڈ اربن ڈیولپمنٹ ڈیپارٹمنٹ کو چیف/108

چیف سیکرٹری کی سربراہی میں یوٹی ایچ پی ایس سی نے اُربن چیلنج فنڈ کے تحت

2,692.58 کروڑ روپے کے اَربن ٹرانسفارمیشن پروجیکٹوں کی منظوری دی

سری نگر//انفو//جموں و کشمیر میں دیرپا اور سرمایہ کاری پر مبنی شہری تبدیلی کو تیز کرنے کی جانب ایک اہم قدم کے طور پر یونین ٹیریٹری لیول ہائی پاورڈ سٹیئرنگ کمیٹی (یوٹی ایچ پی ایس سی) جس کی صدارت چیف سیکرٹری اَٹل ڈولو کر رہے تھے، نے مرکزی حکومت کے شہری چیلنج فنڈ (یو سی ایف) کے تحت 2,692.58 کروڑ روپے کی مجموعی بنیادی لاگت کے تین بڑے شہری ترقیاتی منصوبوں//109

زمین ہتھیانے اور جعلی دستاویزات کا معاملہ

EOW کشمیر نے کی ملزم کیخلاف چارج شیٹ پیش

شہری دھوکہ دہی اور جعلی دستاویزات سے ہوشیار رہیں

سری نگر//یکم ستمبر// جے کے این ایس//کرائم برانچ جموں و کشمیر کی انسداد اقتصادی جرائم ونگ کشمیر نے سری نگر میں مبینہ طور پر جعلی دستاویزات اور دھوکہ دہی کے ذریعے زمین پر قبضہ کرنے کی کوشش سے متعلق مقدمے میں ایک ملزم کیخلاف سب جج سری نگر کی عدالت میں چارج شیٹ پیش کردی ہے۔ جے کے این ایس کے مطابق انسداد/110

نیپال، تبت سرحد پر سیلاب کی حالیہ تباہ کاریاں جنوبی ایشیا کیلئے خطرے کی گھنٹی

جموں وکشمیر میں 55 برفانی جھیلوں کے وجود کو خطرہ لاحق

46 جھیلیں وادی کشمیر اور 9 جھیلیں جموں خطے میں ریڈ زون کے طور پر نشان زد

سری نگر//یکم ستمبر// جے کے این ایس//جہاں ایک میڈیا رپورٹ میں جموں و کشمیر کی حدود میں 5 برفانی یا گلیشرل جھیلوں کو لاحق شدید خطرے کا الارم بجایا گیا ہے، وہیں ایک تازہ میڈیا رپورٹ میں ریموٹ سینسنگ کے ایک ماہر کا حوالہ دیتے ہوئے کشمیر کی حدود میں 46 اور جموں خطے میں 9 انتہائی حساس جھیلوں کی نشان دہی کی گئی ہے۔ ماہرین موسمیات، ماحولیات اور ارضیات نے خبردار کیا ہے کہ اگر پہاڑوں وجنگلوں میں انسانی مداخلت کیساتھ ساتھ سرکاری اور نجی سطح پر جاری بے ہنگم تعمیراتی سرگرمیوں

پر نظر ثانی نہیں کی گئی تو یہی ترقیاتی عمل ایک بڑی تباہی کا پیش خیمہ ثابت ہو سکتا ہے۔ جے کے این ایس کے مطابق ماہرین نے خبردار کیا ہے کہ جموں و کشمیر میں گلیشیروں کے پگھلنے اور برفانی جھیلوں کے ناگہانی پھٹنے کے خطرات میں تشویشناک حد تک اضافہ ہو چکا ہے۔ ای ٹی وی بھارت نے رپورٹ کیا ہے کہ جموں یونیورسٹی کے شعبہ ریموٹ سینسنگ کے سربراہ پروفیسر اوتار سنگھ جسروٹیا کی قیادت میں کی گئی ایک تازہ تحقیقاتی رپورٹ میں جموں و کشمیر میں 55 انتہائی حساس جھیلوں کی نشان دہی کی/111

شمالی کمان کے فوجی کمانڈر نے سانبہ میں یونٹوں کا دورہ کیا

سیکورٹی اور آپریشنل تیاریوں کا جائزہ لیا

فوجی جوانوں اور سابق فوجیوں سے ملاقات، پیشہ ورانہ خدمات کو سراہا

سرینگر//یکم ستمبر//این این پی//فوج کے شمالی کمان کمانڈر نے میران صاحب، بڑی برہمہ اور سانبہ میں مدراس رجمنٹ کی یونٹوں کا دورہ کر کے وہاں سیکورٹی اور آپریشنل تیاریوں کا جائزہ لیا۔ نیشنل نیوز بیورو (این این پی) کے مطابق شمالی کمان کے فوجی کمانڈر اور مدراس رجمنٹ کے کرنل لیفٹننٹ جنرل پرتیک شرما نے میران صاحب، باری برہمنہ اور سانبہ میں مدراس رجمنٹ کی مختلف یونٹوں کا دورہ کیا اور وہاں تعینات فوجی جوانوں اور سابق فوجیوں سے ملاقات کی۔ دورے کے دوران لیفٹننٹ جنرل

پرتیک شرما نے ''تھمبی'' فوجیوں سے بات چیت کی اور ان کی خدمات، پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور فرائض کی انجام دہی کے عزم کو سراہا۔ آرمی کمانڈر نے جوانوں کے مثالی پیشہ ورانہ معیار کی تعریف کرتے ہوئے انہیں ہر شعبے میں مزید عمدگی اور بہترین کارکردگی کے حصول کے لیے مسلسل کوششیں جاری رکھنے کی تلقین کی۔ انہوں نے فوجی اہلکاروں کے حوصلے اور جذبے کو سراہتے ہوئے کہا کہ اعلیٰ پیشہ ورانہ معیار، نظم وضبط اور لگن فوج کی مؤثر کارکردگی کی بنیاد ہیں۔ لیفٹننٹ جنرل پرتیک شرما نے دورے کے دوران سابق فوجیوں سے بھی ملاقات کی اور ان کے ساتھ تبادلہ خیال کیا۔ مدراس رجمنٹ کی یونٹوں کے اس دورے کا مقصد فوجیوں کی حوصلہ افزائی کے ساتھ ساتھ یونٹوں کی کارکردگی اور تیاریوں کا جائزہ لینا بھی تھا۔

ماسکو حملہ

داعش خراسان کا بڑھتا اثر ورسوخ عالمی امن کے لیے خطرہ

زاھد حسین

گزشتہ ہفتے روس کے دارالحکومت ماسکو کے کنسرٹ ہال میں حملہ (جس میں تقریباً **140** افراد ہلاک ہوئے) عسکریت پسند گروپ داعش کے نام نہاد 'خراسان باب' کی دہشت گرد کارروائیوں میں توسیع کی نشاندہی کرتا ہے۔ روسی دارالحکومت میں داعش خراسان کا دلیرانہ حملہ اس گروپ کی بڑھتی ہوئی صلاحیت کو ظاہر کرتا ہے کہ یہ گروپ اب اس خطے سے باہر بھی اپنی کارروائیوں میں تیزی لا رہا ہے جہاں اب تک اس کی سرگرمیاں محدود تصور کی جارہی تھی۔

اس حملے نے داعش خراسان کو ایک عالمی دہشتگرد گروپ بنادیا ہے جوکہ اس سے قبل طویل عرصے سے صرف افغانستان اور اس کے اردگرد کے ممالک میں سرگرم تھا۔ جن مشتبہ افراد کو گرفتار کیا گیا ہے ان کا تعلق وسطی ایشیائی خطے سے بتایا جارہا ہے۔ ماضی میں اس خطے نے مشرق وسطی میں داعش کے لیے غیر ملکی جنگجوؤں کو تربیت دے کر ان کا ایک مضبوط دستہ تیار کیا ہے۔ عراق اور شام میں جہادی گروپس کے منتشر ہونے کے بعد اب ان میں سے بہت سے گروپس داعش خراسان سے وابستہ ہیں۔

تاہم یہ واضح نہیں ہے کہ اس گروپ نے روس کو نشانہ کیوں بنایا۔ چند تجزیہ کاروں کے مطابق انتہا پسند گروہ روس کو مسلمانوں پر ظلم وستم کا ذمہ دار سمجھتا ہے۔ ستمبر **2022**ء میں داعش خراسان نے کابل میں روسی سفارتخانے پر خودکش بم حملے کی ذمہ داری بھی قبول کی تھی۔ وسطی ایشیائی ممالک میں داعش خراسان کے بڑھتے اثر ورسوخ کے حوالے سے روس طویل عرصے سے تشویش میں مبتلا ہے۔

روسی صدر ولادیمیر پیوٹن نے جہاں ان حملوں میں اسلامی انتہا پسندوں کو ذمہ دار ٹھہرایا وہیں انہوں نے اس حملے کو یوکرین جنگ سے بھی جوڑنے کی کوشش کی۔ مغربی میڈیا نے اقوام متحدہ کی حالیہ رپورٹ کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ 'شمالی قفقاز اور وسطی ایشیائی ممالک سے تعلق رکھنے والے کچھ لوگ جو افغانستان یا یوکرین سے یورپ آرہے ہیں، مغربی ممالک میں پُرتشدد کارروائیوں کے خواہشمند داعش خراسان کو دہشتگرد حملے کرنے کا موقع فراہم کریں گے'۔

دوسری جانب ماسکو حملے نے دیگر ممالک کو دہشتگردی کے بڑھتے ہوئے خطرے سے خبردار کردیا ہے۔ حالیہ کچھ عرصے میں داعش خراسان ایک خطرناک دہشت گرد گروپ کے طور پر اُبھر کر سامنے آیا ہے۔ امریکی ملٹری کے اعلیٰ افسر نے امریکی کانگریس کمیٹی کو ماسکو حملے سے ایک روز قبل بتایا کہ داعش خراسان 'کسی انتباہ کے بغیر چھ ماہ سے بھی کم عرصے میں امریکا اور دیگر مغربی ممالک میں حملہ کرنے کی صلاحیت اور ارادہ رکھتا ہے'۔ مغربی انسداد دہشت گردی کے حکام کے حوالے سے کچھ میڈیا رپورٹس کے مطابق حالیہ مہینوں میں داعش خراسان کی یورپ میں حملے کی متعدد سازشیں ناکام بنائی گئی ہیں۔

مشرق وسطی کی اسلامک اسٹیٹ آرگنائزیشن داعش کی شاخ خراسان **2015**ء میں بنائی گئی تھی جس کے بعد وہ افغانستان اور ایران میں کئی حملوں میں ملوث رہ چکی ہے۔ اس سال کے آغاز میں ایرانی قصبے کرمان میں امریکی ڈرون حملے میں مارے جانے والے ایرانی کمانڈر میجر جنرل قاسم سلیمانی کی یاد میں نکالے گئے جلوس کے دوران ہونے والے حملے میں بھی داعش خراسان ملوث تھا۔ اس حملے میں **80** سے زائد افراد جاں بحق ہوئے تھے۔ ایران میں ہونے والے کئی دیگر حملوں میں بھی داعش خراسان کے ملوث ہونے کے شواہد ملے۔

ماسکو حملے سے پہلے اس گروپ نے افغانستان کے دوسرے بڑے شہر قندھار میں خودکش حملے کی ذمہ داری بھی قبول کی جس میں متعدد افراد ہلاک اور زخمی ہوئے۔ داعش خراسان پاکستان کے صوبہ بلوچستان میں حملوں کی ذمہ داری بھی قبول کرچکی ہے۔ مبینہ طور پر کچھ کالعدم سنی فرقہ پرست گروپ بھی داعش خراسان کا حصہ بن چکے ہیں۔

عالمی عسکریت پسند گروپ کی پاک-افغان علاقے میں خود کو منظم کرنے کی ابتدائی علامتیں **2014**ء میں ہمارے سامنے آئیں۔ پاک فوج کی جانب سے کیے گئے سابقہ قبائلی علاقوں کے آپریشن میں نکالے گئے تحریک طالبان پاکستان کے دہشت گرد افغانستان جاکر داعش خراسان کے ابتدائی دستوں کا حصہ بنے۔ کچھ نچلے درجے کے افغان طالبان کمانڈرز بھی اس عسکریت پسند گروپ کا حصہ بنے۔

2014ء میں صوبہ کنڑ سے تعلق رکھنے والے ایک سابق افغان طالبان کمانڈر عبدالرحیم مسلم دوست کو داعش خراسان کو منتظم کرنے کے لیے نامزد کیا گیا۔ افغان طالبان کے کچھ بڑے ناموں کی شمولیت سے اس گروپ نے باقاعدہ ایک تنظیمی ڈھانچہ تشکیل دیا گیا۔

جنوری **2015**ء میں ایک ویڈیو جاری ہوئی جس میں عسکریت پسندوں نے افغانستان اور پاکستان میں داعش کے سرکاری ولایت (صوبہ) کے منتظمین ہونے کا اعلان کیا۔

داعش کے سپریم کمانڈ نے خراسان (افغانستان، پاکستان، ایران اور وسطی ایشیا خطے کا تاریخی نام) کے لیے شوریٰ کی تشکیل کی توثیق کی۔ داعش نے پاکستان میں اورکزئی ایجنسی کے سابق ٹی ٹی پی کمانڈر حافظ سعید خان کو خراسان کے علاقے میں آئی ایس کا سربراہ نامزد کیا اور سابق افغان طالبان کمانڈر ملا عبدالروف جس نے گوانتاناموبے میں کئی سال گزارے تھے، اس کو حافظ سعید خان کا نائب مقرر کیا گیا۔

داعش خراسان کے قیام کے بعد جلد ہی یہ گروپ افغانستان کے متعدد صوبوں میں متحرک ہوگیا۔ اکثر واقعات میں تو افغان طالبان کے اعلیٰ کمنڈرز کی داعش میں شمولیت سخت عالمی نظریات کی بنا پر نہیں بلکہ گروپ کے بھاری مالی وسائل کی وجہ سے تھی۔ بہت سے علاقوں کا کنٹرول حاصل کرنے کے لیے افغان طلبان اور داعش خراسان آمنے سامنے بھی آئے۔

تاہم افغانستان سے امریکی افواج کے انخلا اور طالبان کے ایک بار پھر اقتدار میں آنے کے بعد داعش خراسان میں انتہاپسندوں کی تعداد میں تیزی سے اضافہ ہوا۔ ایک اندازے کے مطابق اس میں انتہاپسندوں کی تعداد **4** ہزار تک پہنچ چکی ہے۔ ان میں سے زیادہ تر دیگر عسکریت پسند گروپوں سے اس کا حصہ بنے ہیں۔ ٹی ٹی پی کے ساتھ اس کے اتحاد نے اسے مزید مضبوط کیا۔ امریکی جنگ کے اختتام پر داعش خراسان کے حملوں میں واضح اضافہ دیکھا گیا۔ اس گروپ نے **2021**ء میں امریکی انخلا کے دوران کابل ایئرپورٹ پر بھی حملہ کیا تھا جس میں **13** امریکی فوجی سمیت بڑی تعداد میں افغان شہری مارے گئے تھے۔

جنوری میں جاری ہونے والی اقوام متحدہ کی رپورٹ کے مطابق افغان طالبان کی داعش خراسان کو شکست دینے کی کوششوں کی وجہ سے افغانستان میں دہشتگرد حملوں میں کمی آئی ہے۔ لیکن ان دو گروپس کے گٹھ جوڑ سے لاحق خطرے کے اثرات خطے سے باہر بھی محسوس کیے جاسکتے ہیں۔

بین الاقوامی عسکریت پسند گروپس اور انتہاپسندوں کی بڑھتی ہوئی طاقت نہ صرف افغانستان بلکہ اس کے ہمسایہ ممالک خاص طور پر پاکستان کے لیے بھی خطرے کی گھنٹی ہے۔ افغان طالبان کی ٹی ٹی پی جیسے عسکریت پسند گروپوں کی مسلسل حمایت کو داعش خراسان کے دوبارہ سر اٹھانے کی ایک اہم وجہ سمجھا جاسکتا ہے۔ داعش خراسان میں شامل بہت سے انتہا پسند ٹی ٹی پی کے دھڑوں سے اس گروپ میں شامل ہوئے ہیں جو افغانستان میں پناہ حاصل کیے ہوئے تھے۔ ایک جانب جہاں داعش خراسان افغان طالبان سے لڑ رہا ہے وہیں یہ گروپ مشرقی افغانستان میں ٹی ٹی پی کے دھڑوں کا اتحادی بھی ہے۔

ماسکو حملہ واضح کرتا ہے کہ گروپ کی بڑھتی ہوئی عسکری صلاحیت اس خطے اور اس سے باہر کے علاقوں کے لیے کتنا بڑا خطرہ ہے۔ اس مشترکہ خطرے سے نمٹنے کے لیے مشترکہ علاقائی حکمت عملی بنانے کی ضرورت ہے۔

ٹک ٹاک پر پابندی اور امریکی سیاست پر یہودی لابی کی مضبوط گرفت

تحریر۔۔۔ضرار کھوڑو

عمومی طور پر امریکی قانون سازی کے دو اہم دھڑوں، نیلے (ڈیموکریٹکس) اور سرخ (ریپبلکن) کے درمیان اتفاقِ رائے نہیں ہوتا، یہی وجہ ہے کہ بدنامِ زمانہ ٹک ٹاک ایپ پر پابندی کا بل امریکی ایوانِ نمائندگان سے باآسانی منظور ہونا حیران کن تھا۔ حمایت میں **352** اور **65** مخالف ووٹوں کے ساتھ اس بل کو دوطرفہ حمایت حاصل رہی جبکہ امریکا کے اہم مسائل (جیسے سستی صحت کی سہولیات کی فراہمی، طلبہ کے قرضوں کی معافی یا یوکرین کی نہ ختم ہونے والی جنگ میں فنڈنگ وغیرہ) کو بہت کم ایسی توجہ حاصل ہوتی ہے۔

بل میں ٹک ٹاک کے مالکان بائٹ ڈینس کو ستمبر تک سوشل میڈیا پلیٹ فارم ٹاک ٹاک فروخت کرنے کا کہا گیا ہے ورنہ اسے امریکا میں پابندی کا سامنا کرنا پڑے گا۔ بل پیش کرنے والوں نے اس کا جواز بتایا کہ چینی حکومت امریکا میں ٹک ٹاک کے تقریباً **17** کروڑ صارفین کے ڈیٹا تک رسائی حاصل کرسکتی ہے اور الگورتھم کو اپنے حق میں 'تبدیل' کرنے کی بھی صلاحیت رکھتی ہے۔ یوں وہ اس مواد کو کنٹرول کرتے ہیں جو امریکی ٹک ٹاک صارفین دیکھتے ہیں۔ نینسی پلوسی اور دیگر امریکی قانون سازوں نے دعویٰ کیا کہ یہ قومی سلامتی کے لیے براہ راست خطرہ ہے جو کسی صورت قابلِ برداشت نہیں۔

ایک طرح سے اسے چین کے خلاف امریکی اقدامات کے تسلسل کی کڑی کہا جاسکتا ہے جس میں بحیرہ جنوبی چین میں ایشین محور میں اپنی جگہ بنانا، 'چینی اثر ورسوخ کو محدود رکھنے' کے مقصد کے تحت چین مخالف اتحاد کی تشکیل اور جیسا کہ ہم نے ہواوے کے خلاف اٹھائے گئے اقدامات سے دیکھا، چینی ٹیکنالوجی کی ترقی کو روکنے کی کوششیں شامل ہے۔

لیکن گہری سیاسی تقسیم کے باوجود اس اقدام کے حق میں قابلِ ذکر اتفاقِ رائے اور اسے منظور کرنے کی عجلت کی وضاحت کیسے کی جاسکتی ہے، جبکہ ایوان کے بہت سے نمائندگان کی ٹک ٹاک پر فالوونگ بھی بہت زیادہ ہے؟ اگر اس معاملے پر غور کریں تو یہ اتنا امریکا کی قومی سلامتی کا مسئلہ نہیں جتنا یہ اسرائیل کی قومی سلامتی کا مسئلہ ہے۔

7 اکتوبر کے حملوں کے بعد اگرچہ اسرائیل کو موقع مل گیا کہ وہ غزہ کی آبادی کا قتل عام کرکے اپنے نسل کشی کے مقصد کو پورا کرے لیکن مغربی ممالک کی آبادی کی سوچ میں تبدیلی دیکھی گئی۔ مغربی ممالک میں بڑی تعداد میں نوجوان سڑکوں پر نکل آئے اور پُرعزم انداز میں احتجاج کیا کیونکہ وہ مغرب کی حمایت یافتہ صہیونی حکومت کی نسل پرستی میں لپٹی سفاکیت کو واضح طور پر دیکھ سکتے تھے۔ ابتدائی طور پر تو مغربی اتحادیوں اور ان کے حمایت یافتہ میڈیا نے ان مظاہروں کو مسترد کیا، پھر انہیں ڈرایا دھمکایا اور بعدازاں ان مظاہروں کی شدت میں اضافے کے باعث وہ خود پریشان نظر آئے۔

'اس کی وجہ کیا ہوسکتی ہے؟' مغرب میں صہیونیت کے سیاسی اتحادیوں اور میڈیا اسٹیبلشمنٹ نے خود سے یہ سوال پوچھا۔ کیا اس کی وجہ ہوسکتی ہے کہ نوجوانوں کو اپنی آنکھوں کے سامنے فلسطینیوں کو بھوک، بمباری اور بے دردی سے قتل ہوتے دیکھنا ٹھیک نہیں لگ رہا؟ کیا اس کی وجہ یہ ہوسکتی ہے کہ اسرائیلی افواج کی جانب سے فلسطینیوں کے گھروں کی لوٹ مار، انہیں تباہ کرنا، یا بے گھر اور قتل کی جانے والی فلسطینی خواتین کے زیرجامہ کے ساتھ تصاویر مغرب کے نوجوانوں کو ناگوار گزریں؟ کیا یہ وجہ ہوسکتی ہے کہ یہ لوگ اب درحقیقت اس طویل قبضے کے حقائق جاننا چاہتے ہیں؟

نہیں، ان تمام سوالات کے جواب تلاش کرنے کے بجائے امریکی اشرافیہ نے سوشل میڈیا بالخصوص ٹک ٹاک کو مسئلہ قرار دیا جہاں دیگر سوشل میڈیا پلیٹ فارمز کی طرح فلسطینیوں کے حق میں اٹھنے والی آوازیں، ویڈیوز اور ہیش ٹیگ کی تعداد کو اسرائیل کی حمایت میں اٹھنے والی آوازوں پر واضح برتری حاصل ہے۔

صہیونیت کے حمایتی اینٹی ڈیفیمیشن لیگ کے ڈائریکٹر جوناتھن گرین بلیٹ نے اپنی لیک آڈیو کال میں ایک طرح سے اس بات کا اعتراف کیا جہاں انہوں نے متنبہ کیا کہ ان (یعنی اسرائیل کے حامی گروپوں) کے لیے 'ٹک ٹاک ایک سنگین مسئلہ ہے'۔ پھر جب اس بل کا مسودہ تیار کیا گیا تو اسے اسرائیل کے حمایت یافتہ طاقتور لابی گروپوں، شمالی امریکا کی یہودی فیڈریشنز کی حمایت حاصل ہوئی۔

اور ظاہر ہے کہ جب ہم کانگریس کے رکن مائیک گیلگر جنہوں نے یہ مسودہ لکھا، انہیں ہم دیکھیں تو معلوم ہوتا ہے کہ گزشتہ انتخابی دور میں طاقتور امریکی اسرائیل پبلک افیئرز کمیٹی (اے آئی پی اے سی) ان کی سب سے بڑی فنڈر تھی۔ اے آئی پی اے سی اس تاثر کے حوالے سے فکرمند ہے جوکہ اسرائیل کو حاصل ہے (جس کے وہ مستحق بھی ہیں)، اور اسی تشویش کے تحت وہ آنے والے انتخابات میں فنڈنگ کے لیے اپنی چیک بک پھاڑ رہے ہیں اور وہ ایسے امیدواروں کی شکست کے لیے فنڈز کے صندوق کھولے بیٹھے ہیں جنہیں وہ اسرائیل کے مخالف سمجھتے ہیں۔

لیکن منفی ردعمل سامنے آنا شروع ہوگیا ہے۔ ممتاز امریکی یہودیوں کا گروپ جن میں ماہرینِ تعلیم، اداکار، لکھاری اور پروفیسرز شامل ہیں، نے اے آئی پی اے سی کی مذمت کرتے ہوئے خط پر دستخط کیے۔ یہودی ضلع سے تعلق رکھنے والی سابق امریکی کانگریس کی رکن یام کیتھ نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر اے آئی پی اے سی کے لیے انتہائی تلخ زبان کا استعمال کیا۔ امریکا میں مین اسٹریم میڈیا بھی اب ہمت کرکے آواز اٹھا رہا ہے جیسے کہ ہم نے دیکھا کہ امریکی چینل ایم ایس این بی سی نے امریکی سیاست میں اے آئی پی اے سی کے اثرات پر پورے **6** منٹ کا سیگمنٹ کیا۔

تاہم امریکی سیاست پر اسرائیلی لابی کی گرفت فی الوقت مضبوط ہے۔ امریکی ایوانِ نمائندگان نے حال ہی میں انروا (**UNRWA**) کی امداد پر پابندی لگانے اور اسرائیل کو اضافی **14** ارب ڈالرز فراہم کرنے کا بل **286** ووٹوں سے منظور کیا، البتہ **134** افراد نے اس بل کی مخالفت میں ووٹ دیا۔ اے آئی پی اے سی نے اپنی طرف سے ڈیموکریٹک پرائمریز میں اپنے حمایت یافتہ امیدواروں کی کامیابی کی حوصلہ افزائی کی جس سے حیرانی ہوتی ہے کہ امریکا ہی شاید وہ واحد ملک ہے کہ جہاں کوئی غیرملکی طاقت سیاستدانوں کو خریدنے پر کھلے عام فخر کرسکتی ہے۔

The Urdu Daily
WATTAN
وطن سرینگر

ایرانی افواج نے متحدہ عرب امارات میں امریکی اڈے کو نشانہ بنایا اور امریکی ڈرون مار گرایا: رپورٹ

نئی دہلی (ایم این این): ایرانی فوج نے پیر کے روز بیان دیا ہے کہ اس نے ایران کے جزیرہ لارک پر امریکی حملے کے جواب میں متحدہ عرب امارات کے المنہاد ایئر بیس پر تعینات امریکی فوجیوں اور ہیلی کاپٹروں پر درجنوں دھماکہ خیز ڈرونز سے حملہ کیا ہے۔ ایرانی خبر رساں ایجنسیوں کے مطابق، ایرانی فوج نے اس حملے میں اڈے پر موجود امریکی فوجی اہلکاروں اور ہیلی کاپٹروں کی رہائش گاہوں کو نشانہ بنایا، جو غیر ملکی افواج کیلئے ایک اہم لاجسٹک اور فضائی نقل و حمل کا مرکز ہے۔ فوج نے مزید جوابی کارروائی کا عزم ظاہر کرتے ہوئے کہا کہ یہ کارروائی اتوار کے روز امریکی حملے میں پاسداران انقلاب کے ارکان اور شہریوں کی ہلاکت کے جواب میں کی گئی ہے۔ علیحدہ طور پر، ایران کی مہر نیوز ایجنسی نے رپورٹ کیا کہ سپاہ پاسداران انقلاب اسلامی (آئی آر جی سی) نے آبنائے ہرمز کے اوپر میزائل فائر کرکے ایک امریکی ایم کیو-۹ ریپر (Reaper) ڈرون کو مار گرایا، جس کے نتیجے میں وہ خلیج کے پانیوں میں گر کر تباہ ہو گیا۔ یہ پیش رفت اتوار کے روز جزیرہ لارک پر دو ایرانی لانچرز پر امریکی حملوں کے بعد سامنے آئی ہے جو ایک امریکی اہلکار کے مطابق جولائی کے آخر کے بعد سے ایرانی سرزمین پر پہلے امریکی حملے تھے۔ ان حملوں میں مبینہ طور پر آبنائے ہرمز میں سمندری بارودی سرنگیں لے جانے والے راکٹ داغنے کیلئے تیار کیے جانے والے سسٹمز کو نشانہ بنایا گیا تھا۔ آئی آر جی سی نے بتایا کہ اس حملے میں متعدد اہلکار اور عام شہری ہلاک یا زخمی ہوئے۔ ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے پیر کے روز بیان دیا کہ تہران جنگ کی تلاش میں نہیں ہے لیکن "کسی بھی جارحیت کے سامنے کبھی خاموش نہیں بیٹھے گا۔" شنگھائی تعاون تنظیم (ایس سی او) کے سربراہی اجلاس میں شرکت کیلئے بشکیک روانگی سے قبل گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اگر دوبارہ حملہ کیا گیا تو ایران "جارحیت پسندوں کو فیصلہ کن جواب" دے گا۔ انہوں نے کہا کہ "خطے میں عدم استحکام اور بدامنی کسی بھی ملک کے مفاد میں نہیں ہے

کولمبیا یونیورسٹی: سابق اسرائیلی فوجی کی 'فلسطین حامی' بھیس میں مہم، شدید ردعمل

نئی دہلی (ایم این این): سوشل میڈیا پر پوسٹ کی گئی ویڈیوز اور ایک فیکلٹی رکن کے مطابق، سابق اسرائیلی فوجی منگل کو کولمبیا یونیورسٹی کے باہر فلسطینی حامی مظاہرین کا بھیس اختیار کرکے میز لگائے بیٹھے تھے۔ اسرائیل کے حامی غیر منافع بخش ادارے Frontline Advocates نے منگل کو ۱۱۶ر براڈوے اور ویں اسٹریٹ کے داخلی دروازوں کے باہر ایک میز قائم کی۔ اس پر ایک سائن بورڈ لگا تھا جس پر لکھا تھا: "ہم آئی ڈی ایف ہیں۔ ہم غزہ میں رہ چکے ہیں۔ ہم سے کچھ بھی پوچھیں۔" یہ بات 'Spectator' کی جانب سے دیکھی گئی تصاویر سے سامنے آئی۔ فیکلٹی رکن اور سوشل میڈیا پر موجود ویڈیوز کے مطابق، گروپ میں شامل کچھ اسرائیلی فوجیوں نے فلسطینی حامی مظاہرین کا روپ دھار رکھا تھا، انہوں نے کفایہ پہن رکھی تھی اور میز کے قریب فلسطینی پرچم لہرا رہے تھے۔ اس ادارے کی ویب سائٹ کے مطابق، یہ تنظیم سابق اسرائیلی فوجیوں اور اسرائیل کے حامی کارکنوں کے وفود کو پانچ ہفتوں کی تربیت کے بعد کالج کیمپسز اور عوامی مقامات پر بھیجتی ہے تاکہ وہ اسرائیل کی نمائندگی کریں۔ یہ گروپ اکثر اپنے ارکان کی راہ گیروں سے گفتگو اور ملاقاتوں کی ویڈیوز انسٹاگرام پر پوسٹ کرتا ہے۔ فیکلٹی رکن نے Spectator کو بتایا کہ وہ منگل کو تقریباً دوپہر ساڑھے بارہ بجے ان افراد کے پاس گئیں جو بظاہر فلسطینی حامی مظاہرین لگ رہے تھے۔ جب انہوں نے پوچھا کہ وہاں کیا ہو رہا ہے تو مبینہ طور پر ان افراد نے اسرائیلی فوجیوں کو بلایا تاکہ وہ ان کے سوالات کا جواب دیں۔ فیکلٹی رکن کے مطابق، جب انہوں نے فوجیوں سے کہا کہ ان کے پاس کوئی سوال نہیں ہے تو فوجیوں نے ان کی ویڈیو بنانا شروع کر دی، انہیں گھیر لیا اور حزب اللہ، غزہ اور ان کے آبائی پس منظر سے متعلق 'اشتعال انگیز' سوالات پوچھنے لگے۔ ان کا کہنا تھا کہ اس دوران ایک شخص، جس نے اسکی ماسک پہن رکھا تھا، ان کے قریب آیا۔

کچھ دن کی خاموشی کے بعد امریکہ کے ایران پر پھر حملے

نئی دہلی (ایم این این): کئی ہفتوں کے وقفے کے بعد امریکہ اور ایران کی افواج نے ایک بار پھر ایک دوسرے پر حملے شروع کر دیے ہیں۔ امریکی فوج نے ایران کے لارک جزیرے پر موجود دو میزائل لانچروں کو نشانہ بنایا، جبکہ ایران نے دعویٰ کیا کہ اس نے جوابی کارروائی میں اردن میں قائم امریکی فوجی اڈوں کو میزائلوں سے نشانہ بنایا، حالانکہ اردن کا کہنا ہے کہ اس نے ان میزائلوں کو فضا میں ہی تباہ کر دیا۔ ایک امریکی عہدیدار کے مطابق امریکی افواج نے اتوار کے روز لارک جزیرے پر دو ایرانی لانچروں کو نشانہ بنایا۔ امریکی حکام کا کہنا ہے کہ ایرانی پاسداران انقلاب کے اہلکار آبنائے ہرمز میں بحری بارودی سرنگیں نصب کرنے والے راکٹ لانچ کرنے کی تیاری کر رہے تھے۔ ایران کی نیم سرکاری نیوز ایجنسی 'تسنیم' نے اپنی ایک رپورٹ میں بتایا کہ امریکہ نے ایرانی جزیرے پر ڈرون حملہ کیا۔ یہ کارروائی جولائی کے اواخر کے بعد سے ایران کے خلاف امریکہ کا پہلا معلوم فوجی حملہ ہے۔ صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے سوشل میڈیا پر کہا کہ ایران کے توانائی کے اہم مرکز خارگ جزیرے کو بھی نشانہ بنایا جا رہا ہے، تاہم انہوں نے اس بارے میں مزید تفصیلات فراہم نہیں کیں۔ فوری طور پر ایسی کوئی دوسری رپورٹ سامنے نہیں آئی جس میں خارگ جزیرے پر حملے کی تصدیق کی گئی ہو۔ ٹرمپ انتظامیہ گزشتہ کئی ہفتوں سے ایران اور اس کے کاروباری شراکت داروں پر سخت اقتصادی پابندیاں عائد کرکے تہران کو دوبارہ مذاکرات کی میز پر لانے کی کوشش کر رہا تھا۔ ایران کے پاسداران انقلاب نے پیر ۳۱ر اگست کو دعویٰ کیا کہ انہوں نے لارک جزیرے پر امریکی حملے کے جواب میں اردن میں قائم دو امریکی فوجی اڈوں کو بیلسٹک میزائلوں سے نشانہ بنایا۔

سبتہ ہجرت بحران: پیڈرو سانچیز کا روس، اسرائیل پر 'جھوٹی خبریں' پھیلانے کا الزام

نئی دہلی (ایم این این): اسپین کے وزیر اعظم پیڈرو سانچیز نے پیر کو شمالی افریقی ہسپانوی علاقے سبتہ میں پیدا ہونے والے ہجرت کے بحران کے دوران گمراہ کن معلومات پھیلانے کے معاملے میں روس اور اسرائیل کی جانب اشارہ کیا ہے۔ سانچیز نے نشریاتی ادارے کیڈینا ایس ای آر کو انٹرویو دیتے ہوئے کہا کہ سوشل میڈیا پر ایسی جھوٹی اطلاعات پھیلائی گئی تھیں جن کا تعلق "روس اور اسرائیل کے ساتھ ساتھ ایک بین الاقوامی انتہائی دائیں بازو کی تحریک" سے تھا۔ ان کے بقول یہ عناصر ہجرت کے معاملے کو اسپین ہی نہیں بلکہ پورے یورپ کے خلاف استعمال کرتے ہیں۔ تاہم اسپین کے وزیر اعظم نے واضح کیا کہ موجودہ صورتحال کے پیچھے ضروری نہیں کہ کسی ریاستی فریق کا ہی ہاتھ ہو۔ انہوں نے کہا کہ سبتہ بحران کی وجوہات سے متعلق تحقیقات جاری ہیں، تاہم اس دوران جھوٹی اطلاعات اور گمراہ کن مواد کے پھیلاؤ کا بھی جائزہ لیا جا رہا ہے۔ سانچیز کے مطابق اسپین کی سپریم کورٹ کے ایک فیصلے کو غلط انداز میں پیش کرکے سوشل میڈیا پر پھیلایا گیا، جس میں انسانی اسمگلنگ میں ملوث جرائم پیشہ تنظیمیں بھی شامل تھیں۔

موہن بھاگوت کا کنیڈا میں بیان: 'حملہ آور بن کر آئے لیکن اب بھی پھل پھول رہے ہیں۔۔۔'



نئی دہلی (ایم این این): کنیڈا کے شہر ٹورنٹو میں خطاب کرتے ہوئے راشٹریہ سویم سیوک سنگھ (آر ایس ایس) کے سربراہ موہن بھاگوت نے کہا کہ ہندوستان نے ہمیشہ باہر سے آنے والوں کو پناہ دی ہے، حتیٰ کہ انہیں بھی جو "حملہ آور" بن کر آئے تھے۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ ہندو تمام مذاہب کا احترام اور انہیں قبول کرتے ہیں، جس کی بدولت ایسے گروہ آج ہندوستان میں "پھل پھول" رہے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہندوستان بدستور مسلمانوں، عیسائیوں، یہودیوں اور پارسیوں کا گھر ہے۔ بھاگوت نے ٹورنٹو میں ایک پروگرام میں اپنی تقریر کے دوران کہا کہ "بہت سے لوگ باہر سے ہندوستان میں حملہ آور بن کر آئے، لیکن وہ اب بھی وہاں اپنی تمام تر خصوصیات کے ساتھ پھل پھول رہے ہیں۔ وہ اب ہندوستانی شہری ہیں۔ مسلمان وہاں ہیں، عیسائی وہاں ہیں۔ یہودی قلیل تعداد میں موجود ہیں کیونکہ بہت سے لوگ اسرائیل ہجرت کر گئے۔ پارسی وہاں ہیں۔ بہت سے لوگ پناہ کیلئے ہندوستان آتے ہیں۔" انہوں نے مزید کہا کہ تاریخی طور پر ہندوستان نے دنیا بھر کے مظلوم لوگوں کو پناہ دی ہے۔ 'ہندو وشو بندھو - دوستی میں دنیا کو گلے لگائیں' کے عنوان سے منعقدہ ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے، بھاگوت نے عالمی سطح پر ہندوستان کی ترقی کی بھی تعریف کی اور کہا کہ ملک "مہا شکتی" یا سپر پاور بننے کے بجائے خدمت کے ذریعے "وشو گرو" بنا۔ انہوں نے کہا کہ "اگرچہ مادی دنیا میں افراد جسم، ساخت اور رنگ و روپ میں مختلف ہو سکتے ہیں، لیکن حقیقت میں ہم سب ایک ہیں۔ اس لئے دوسروں کی خدمت کرنا ہمارا فرض ہے۔" بھاگوت نے دلیل دی کہ ہندوستان کا تنوع اس کے اتحاد کو نقصان نہیں پہنچاتا، بلکہ یہ اس کا اظہار ہے۔ انہوں نے "اگر ہندو جاگتے ہیں، تو دنیا جاگتی ہے" قول کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ "یہ ہماری روایت ہے،

گوگل میپس پر "لیک اونٹاریو" کا نام "لیک امریکہ"، کنیڈا کا سخت ردِعمل

نئی دہلی (ایم این این): گوگل نے امریکی حکومت کی ہدایت پر اپنی میپس سروس میں کنیڈا اور امریکہ کے درمیان واقع لیک اونٹاریو (Lake Ontario) کا نام تبدیل کرکے "لیک امریکہ (Lake America)" کر دیا ہے۔ یہ اقدام ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب واشنگٹن اور اوٹاوا کے درمیان سفارتی اور تجارتی کشیدگی میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے۔ گوگل نے سنیچر کو وضاحت کرتے ہوئے کہا کہ کمپنی سرکاری حکام کی جانب سے کیے جانے والے جغرافیائی ناموں کی تبدیلیوں کے مطابق گوگل میپس کو اپ ڈیٹ کرتی ہے۔ اس لیے امریکہ میں میپس استعمال کرنے والے افراد کو اب اس جھیل کا نام "لیک امریکہ" نظر آئے گا۔ امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے بھی اپنے سوشل میڈیا پلیٹ فارم 'ٹروتھ سوشل' پر اس تبدیلی کا ذکر کرتے ہوئے لکھا کہ گوگل میپس نے امریکی فونز پر "لیک اونٹاریو" کا نام تبدیل کرکے "لیک امریکہ" کر دیا ہے۔ گوگل کے مطابق امریکہ میں صارفین کو صرف "لیک امریکہ" دکھائی دے گا، جبکہ کنیڈا میں یہ نام بدستور "لیک اونٹاریو" رہے گا۔ دونوں ممالک سے باہر موجود صارفین کو جھیل کے دونوں نام "لیک اونٹاریو (لیک امریکہ)" کی صورت میں دکھائی دیں گے۔ یہ تبدیلی امریکی حکومت کے جغرافیائی ناموں کے انفارمیشن سسٹم (GNIS) کی جانب سے نام کی باضابطہ تبدیلی کے بعد عمل میں آئی ہے۔

"رونے والا" ایموجی دنیا میں سب سے مقبول: گوگل رپورٹ

نئی دہلی (ایم این این): "روتے ہوئے چہرہ والا" ایموجی اب دنیا کا سب سے زیادہ استعمال ہونے والا ایموجی بن گیا ہے۔ گوگل کی جانب سے فراہم کردہ اعداد و شمار، جنہیں دی نیو یارک ٹائمز Times کے ساتھ شیئر کیا گیا، میں روتے ہوئے چہرے والے ایموجی کو گزشتہ سال کا سب سے مقبول ایموجی قرار دیا گیا۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ اس ایموجی کا مطلب ہر بار رونا نہیں ہوتا۔ ڈیجیٹل گفتگو میں اسے خوشی، زبردست ہنسی، حیرت، شرمندگی، مایوسی یا کسی انتہائی مضحکہ خیز صورت حال کے اظہار کے لیے بھی استعمال کیا جاتا ہے۔ رپورٹ کے مطابق نوجوانوں میں اس ایموجی کا استعمال انتہائی عام ہو گیا ہے

ملکی دفاعی صلاحیت متاثر ہوسکتی ہے:

ایران جنگ طویل ہونے پر امریکی فوجی قیادت کا انتباہ

نئی دہلی (ایم این این): امریکی محکمہ دفاع کی ایک حالیہ اندرونی جائزہ رپورٹ میں وزیر دفاع پیٹ ہیگسیتھ کو خبردار کیا گیا ہے کہ ایران کے خلاف موجودہ فوجی کارروائیوں کی سطح برقرار رکھنے سے امریکہ کو دیگر ممکنہ خطرات سے نمٹنے اور اپنے ملک کے دفاع میں مشکلات پیش آسکتی ہیں۔ یہ انتباہ اگست میں جاری ہونے والی "Secretary of Defense Orders Book" میں سامنے آیا، جس میں دنیا بھر میں امریکی فوجی وسائل کی دستیابی اور اعلیٰ دفاعی حکام کی رائے شامل ہوتی ہے۔ یہ معاملہ اس وقت سامنے آیا جب رپورٹ میں بتایا گیا کہ کچھ امریکی فوجی دستے ۲۰۲۷ء تک مشرق وسطیٰ میں موجود رہ سکتے ہیں۔ اس پر امریکی بحر الکاہل کمان، یورپی کمان اور جنوبی کمان کے سربراہوں نے "اختلاف" درج کیا۔ انہوں نے حکم کی مخالفت کے باوجود اسے نافذ کرنے پر آمادگی ظاہر کی۔ ایران جنگ کی وجہ سے لاطینی امریکہ، یورپ اور ایشیا میں تعینات امریکی فوجی وسائل، جن میں جنگی طیارے اور بحری جہاز شامل ہیں، مشرق وسطیٰ منتقل کیے گئے ہیں۔ امریکی حکام کے مطابق اس منتقلی نے دیگر علاقوں میں فوجی مشن اور تربیتی سرگرمیوں کو متاثر کیا ہے۔ ذرائع نے واشنگٹن پوسٹ کو بتایا کہ فوج نے "بہت زیادہ عرصے تک بہت زیادہ" دباؤ برداشت کیا ہے۔ لاطینی امریکہ اور یورپ میں امریکی فوجی کارروائیوں کے ذمہ دار کمانڈروں نے خاص طور پر خبردار کیا کہ بحری جہازوں اور طیاروں کو مشرق وسطیٰ بھیجے جانے سے امریکہ کی ملکی دفاعی ذمہ داریاں پوری کرنے کی صلاحیت متاثر ہوئی ہے۔

غزہ جنگ کے دوران یونان کا اسرائیل سے ۶ء۳ ارب ڈالر کا دفاعی معاہدہ

نئی دہلی (ایم این این): یونان نے اسرائیل سے تقریباً ۶ء۳ر ارب ڈالر مالیت کے تین جدید فضائی دفاعی نظام خریدنے کے معاہدے کی جانب پیش رفت کی ہے۔ اسرائیلی اور یونانی میڈیا کے مطابق، خطے میں اسرائیل کی فوجی کارروائیوں پر عالمی سطح پر شدید مذمت کے باوجود ایتھنز اس بڑے دفاعی معاہدے کو حتمی شکل دینے جا رہا ہے۔ 'دی یروشلم پوسٹ' کے مطابق یونانی وفد تقریباً تین سال تک جاری رہنے والے مذاکرات کے بعد تل ابیب میں اسرائیلی وزارت دفاع کے ساتھ معاہدے پر دستخط کرے گا۔ معاہدے میں اسرائیل کے ڈیوڈز سلنگ (David's Sling)، اسپائیڈر (Spyder) اور باراک ایم ایکس (Barak MX) فضائی دفاعی نظام شامل ہیں۔ ان تینوں نظاموں کو یونان کے مجوزہ کثیر سطحی فضائی دفاعی نیٹ ورک "اکیلیز شیلڈ" (Achilles Shield) میں شامل کیا جائے گا۔ اسرائیلی دفاعی کمپنی رافیل (Rafael) کو معاہدے کا سب سے بڑا حصہ ملنے کی توقع ہے۔ کمپنی ڈیوڈز سلنگ نظام فراہم کرے گی، جو بیلسٹک اور بھاری میزائلوں کا مقابلہ کرنے کے لیے تیار کیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ ڈرونز اور دیگر فضائی اہداف سے نمٹنے کے لیے موبائل اسپائیڈر نظام بھی فراہم کیے جائیں گے۔ اسرائیل ایرو اسپیس انڈسٹریز (IAI) یونان کو باراک ایم ایکس نظام فراہم کرے گی، جو طیاروں اور میزائلوں کو روکنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ منصوبے میں ملک گیر مصنوعی ذہانت سے لیس کمانڈ اینڈ کنٹرول نیٹ ورک بھی شامل ہوگا۔ یہ نظام مختلف سینسرز اور ریڈارز کو آپس میں منسلک کرکے خطرات کی درجہ بندی اور ان کے خلاف دفاعی کارروائیوں میں مدد دے گا۔ اسپائیڈر فضائی دفاعی بیٹریاں یونان کے مختلف جزیروں میں تعینات کیے جانے کی توقع ہے۔ یونانی دفاعی کمپنیوں کو اس منصوبے میں تقریباً ۸۲ر کروڑ ڈالر مالیت کے ذیلی ٹھیکے ملنے کا امکان ہے۔ اسرائیلی مالیاتی اخبار کالکلسٹ کے مطابق پورا منصوبہ تقریباً ۳۵ر ماہ میں مکمل کیا جائے گا۔ ایتھنز کی جانب سے ملکی صنعت کی شمولیت، ٹیکنالوجی کی منتقلی اور خود کار دیکھ بھال کے لیے سافٹ ویئر کے سورس کوڈز تک رسائی کا مطالبہ کیے جانے کے بعد تقریباً ۱۲ر یونانی کمپنیاں منصوبے میں شامل ہوں گی۔

اطاعتِ رسولؐ بھی ضروری اور اہلِ بیت، ازواجِ مطہرات رضی اللہ عنہ اور صحابہ رضی اللہ عنہ سے محبت بھی

تحریر-----
محمد اسمعیل خان

اہل سنت والجماعت کا عقیدہ ہے کہ جس شخص نے بھی بحالت ایمان رسولؐ اللہ کا دیدار کیا اور ایمان ہی پر اس کی موت ہوئی، وہ صحابی ہے، اور ہر صحابی عادل اور عند اللہ مغفور ہے۔

اللہ تعالیٰ نے نیکی کے کاموں میں تعاون کرنے کا حکم دیا ہے اور گناہ کے کاموں میں مدد گار بننے سے منع فرمایا ہے۔ (مائدہ:۲) نیکی کے کام میں تعاون کی صورتوں میں ایک نہایت ہی اہم صورت یہ ہے کہ داعیان حق کا ساتھ دیا جائے؛ کیوں کہ اگر خیر و بھلائی کی دعوت میں بہت سے لوگ شریک ہو جائیں تو اس کا نتیجہ خیز اور ثمر آور ہونا آسان ہو جاتا ہے اور دعوت کا کام ایک انفرادی عمل سے بڑھ کر تحریک بن جاتا ہے۔ دُنیا میں جتنے لوگوں نے خیر و صلاح کی دعوت دی ہے، ان میں سب سے برگزیدہ ہستیاں وہ تھیں، جن کے سروں پر اللہ تعالیٰ نے نبوت کا تاج رکھا تھا، ان ہی ہستیوں کو ہم نبی کہتے ہیں۔ انبیاء کا کام بہت دشوار ہوا کرتا تھا؛ کیوں کہ وہ اس دور میں مبعوث کئے جاتے تھے، جب سماج میں بگاڑ اپنی انتہا پر پہنچ جاتا اور عمل کے بگاڑ کے ساتھ انسان کی سوچ بھی بگڑ جاتی تھی، یہاں تک کہ وہ بری باتوں کو اچھی بات، تاریکی کو روشنی اور رات کو دن سمجھنے لگتے تھے۔ ان کو اس غلط موقف سے ہٹانے اور صحیح راستہ پر لانے کیلئے بڑی محنتوں اور ریاضتوں سے گزرنا پڑتا تھا، علمی بصیرت، کردار کی پاکیزگی، تفہیم کی صلاحیت اور سب سے بڑھ کر خیر خواہی اور دردمندی کا غیر معمولی جذبہ، یہ سب مل کر حالات کو بدلتے تھے: اسی لئے انبیاء کے رفقائے عالی مقام کا مرتبہ اتنا بلند ہے کہ ہم اس بلندی کا تصور بھی نہیں کر سکتے۔

قرآن مجید نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کے مخلص ساتھیوں، حضرت یوشع علیہ السلام کے فرماں بردار سپاہیوں اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے ثابت قدم حواریوں کا اسی حیثیت سے ذکر کیا ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر چونکہ سلسلۂ نبوت ختم کر دیا گیا، آپؐ کی نبوت کسی ایک گروہ، علاقہ، نسل اور خاندان کے لئے نہیں تھی؛ بلکہ پوری دنیائے انسانیت کے لئے تھی؛ اس لئے آپؐ کو نسبتاً زیادہ مخلص، جاں نثار، صاحبِ بصیرت، عالی حوصلہ، جذبۂ ایمانی سے سرشار، مصیبتوں اور آزمائشوں کی آگ سے گزرنے اور طوفان سے ٹکرانے کی صلاحیت رکھنے والے معاونین و انصار عطا فرمائے گئے؛ اسی لئے اللہ تعالیٰ نے خود قرآن مجید میں ان کی تعریف و توصیف فرمائی، اور پیغمبر اسلامؐ کی زبانِ حق ترجمان سے ان کے لئے مژدۂ حق سنایا گیا: رضی اللہ عنھم و رضوانہ۔

اہل سنت والجماعت کا عقیدہ ہے کہ جس شخص نے بھی بحالت ایمان رسولؐ اللہ کا دیدار کیا اور ایمان ہی پر اس کی موت ہوئی، وہ صحابی ہے، اور ہر صحابی عادل اور عند اللہ مغفور ہے۔ صحابہؓ کی عظمت کا اندازہ اس سے کیا جا سکتا ہے کہ رسولؐ اللہ نے دوبار فرمایا کہ میرے صحابہؓ کے بارے میں اللہ سے ڈرو، اللہ سے ڈرو، ان سے محبت میری محبت کی دلیل ہے اور ان سے بغض مجھ سے بغض رکھنا ہے۔ (ترمذی، حدیث نمبر: ۳۸۶۲) بعض روایتوں میں یہ بھی ہے کہ آپؐ نے اپنے تمام صحابہؓ کو ستاروں کے مماثل قرار دیا ہے۔ (جمع الفوائد، حدیث نمبر: ۸۵۵۴) اس میں اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ ہر صحابی کو اللہ تعالیٰ نے اپنی خوبیوں کے اعتبار سے امت کے لئے مشعل راہ بنایا ہے، اگرچہ یہ روایت سند کے اعتبار سے حد درجہ ضعیف ہے بلکہ بعض حضرات نے موضوع (من گھڑت) قرار دیا ہے: لیکن بعض اہل فن جیسے: امام احمدؒ کے نزدیک دوسری روایات سے مطابقت کی وجہ سے مضمون کے اعتبار سے اس کو معتبر مانا گیا ہے۔ (المعتبر فی تخریج احادیث المنہاج والمختصر: ۴۸)

پھر یوں تو تمام ہی صحابہؓ آپؐ کے برگزیدہ رفقاء اور امت کیلئے مرکز محبت اور لائق احترام ہیں؛ لیکن صحابہؓ میں بھی فرق مراتب ہے، خلفاء راشدین سب سے افضل ہیں۔ اسی طرح ایمان لانے کے اعتبار سے جن لوگوں نے شرفِ سبقت حاصل کیا، ان لوگوں کا خصوصی درجہ ہے، جن کو قرآن نے ''سابقون اوّلون'' (توبہ: ۱۰۰) کہا ہے، ان میں حضرت خدیجہ، حضرت ابو بکر، حضرت عثمان غنی، حضرت علی اور حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہم شامل ہیں۔ پھر وہ صحابہؓ ہیں جو مدینہ ہجرت کرنے سے پہلے مشرف بہ ایمان ہوئے۔ ان ہی میں مہاجرین حبشہ بھی ہیں، پھر بدری صحابہ ہیں، جنہوں نے جان ہتھیلی پر رکھ کر حق و باطل کے اس پہلے معرکہ میں شرکت کی، اللہ کے رسولؐ نے ان کی بابت ارشاد فرمایا: یہ بارگاہ ربانی کے وہ مقبول بندے ہیں کہ اللہ نے ان کی طرف دیکھا اور فرمایا: آج کے بعد تم سب مغفور ہو۔
(بخاری، حدیث نمبر: ۹۰۴۸)

اس کے بعد ان صحابہ کا نمبر آتا ہے، جو ۶/ھ میں صلح حدیبیہ کے موقع سے بیعت رضوان میں شریک ہوئے۔ اس وقت صورت حال ایسی تھی کہ ظاہری اسباب کے اعتبار سے اگر جنگ ہوتی تو ان میں سے کوئی فرد شاید بچ نہیں پاتا؛ اسی لئے بعض صحابہ نے اس بیعت کو موت پر بیعت قرار دیا ہے۔ (بخاری، حدیث نمبر: ۴۱۶۹) اس واقعہ کے دو سال بعد فتح مکہ کا معرکہ پیش آیا، اور جوق درجوق لوگ ایمان لائے۔ بحیثیت مجموعی ان کو آخری درجہ میں رکھا گیا ہے۔

بعض دوسری حیثیتوں سے بھی صحابہؓ کے درمیان مراتب کا فرق پایا جاتا ہے، جیسے اُمور قضاء میں حضرت علیؓ، فقہ میں حضرت عبد اللہ بن مسعودؓ، تفسیر میں حضرت عبد اللہ بن عباسؓ اور حدیث میں حضرت ابو ہریرہؓ کو خصوصی مقام حاصل ہے، اور ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہؓ تو علوم اسلامی کے تمام ہی میدانوں میں نمایاں حیثیت کی حامل ہیں۔ بعض صحابہ کو مخصوص اخلاقی اوصاف میں خصوصی مقام حاصل تھا، جیسے حضرت ابو بکر صدیقؓ امت کے ساتھ رحم اور فتنۂ ارتداد کے مقابلہ میں، حضرت عمرؓ جوش حق اور معاملہ فہمی میں، حضرت عثمان غنیؓ حیا اور انفاق میں، حضرت ابوذر غفاریؓ زہد میں، حضرت خالد بن ولیدؓ اور حضرت ابو عبیدہؓ جذبۂ جہاد میں، حضرت سلمان فارسیؓ دعوتِ اسلام میں، اور شعرائے بارگاہ نبوی حضرت حسان بن ثابتؓ اور حضرت عبد اللہ بن رواحہؓ وغیرہ شعر و ادب کے ذریعہ اسلام اور پیغمبر اسلام کے دفاع میں؛ اگرچہ ان اوصاف میں دیگر صحابہ بھی شریک تھے؛ مگر ان کو امتیازی حیثیت حاصل تھی۔

اسی طرح فضیلت کا ایک اہم سبب رسولؐ اللہ سے قرابت ہے۔ یوں تو مکہ کے اکثر خاندانوں میں آپؐ کی رشتہ داریاں تھیں اور بنو امیہ اور بنو ہاشم دو بڑے قبائل تھے، جن میں باہم کافی رشتہ داریاں تھیں، خود آپؐ کے دو داماد حضرت عثمان غنیؓ اور حضرت ابو العاصؓ بنو امیہ سے تھے؛ لیکن بنو ہاشم اور بنو مطلب سے آپؐ کی قربت سب سے بڑھ کر تھی، انہوں نے اسلام اور پیغمبر اسلام کی نصرت و حمایت میں سب سے زیادہ حصہ لیا، اور دین حق کیلئے سب سے زیادہ آزمائش اور ابتلاء کو برداشت کیا، یہاں تک کہ بنو ہاشم جب دامن اسلام میں نہیں آئے تھے، اس وقت بھی انہوں نے اللہ کے رسولؐ کی مکمل پشت پناہی کی۔ شعب ابی طالب میں بائیکاٹ کا جو تکلیف دہ واقعہ پیش آیا، اس میں بھی بنو ہاشم آپؐ کے ساتھ رہے، اور آپؐ کا ساتھ دینے کی وجہ سے وہ بھی اس آزمائش سے دوچار کیے گئے۔ اس لئے بحیثیت قبیلہ و خاندان بنو ہاشم کو خاص فضیلت حاصل ہے؛ چنانچہ حضرت واصلہ بن اسقعؓ سے مروی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت اسماعیل علیہ السلام کی اولاد میں سے کنانہ کو، کنانہ میں سے قریش کو، قریش میں سے بنو ہاشم کو اور بنو ہاشم میں سے مجھ کو منتخب فرمایا۔ (مسلم عن ابی عمار، حدیث نمبر: ۲۲۷۶) اللہ کے رسولؐ تک بعض لوگوں کی کچھ بات پہنچی جو آپؐ کو ناگوار گزری۔ آپؐ منبر پر تشریف لے گئے، دریافت فرمایا: میں کون ہوں؟ صحابہؓ نے عرض کیا: آپؐ اللہ کے رسول ہیں۔ آپؐ نے فرمایا: میں عبد اللہ بن عبد المطلب کا بیٹا محمد ہوں، اللہ تعالیٰ نے مخلوق کو پیدا فرمایا تو مجھے سب سے بہتر مخلوق میں رکھا، قبائل کو پیدا فرمایا تو مجھے سب سے بہتر قبیلے میں رکھا، ان کو مختلف گھروں میں بانٹا تو مجھے سب سے اچھے گھرانے میں رکھا، تو میں گھرانے کے اعتبار سے بھی اور اپنے نسب کے اعتبار سے بھی تم سب میں بہتر ہوں۔ (مسند احمد عن عباد، حدیث نمبر: ۱۷۸۸)

پھر بنو ہاشم میں آپؐ کی اولاد اطہار اور ازواج مطہرات کا خاص درجہ ہے۔ ازواج مطہرات کی آپؐ سے قربت اور آپؐ کے مشن کو کامیاب کرنے کے لئے ان کی قربانیاں نیز آپؐ کے علوم کی نشر و اشاعت میں ان کا حصہ محتاج بیان نہیں۔ وہ پوری امت کی مائیں ہیں، خود ارشاد خداوندی ہے کہ نبی اہل ایمان کے لئے ان کی اپنی جان سے بھی زیادہ عزیز ہیں، اور نبی کی تمام ازواج مطہرات پوری امت کی واجب الاحترام مائیں ہیں۔ (احزاب: ۶) رسولؐ اللہ سے جو درود شریف منقول ہیں، ان میں عام طور پر تو آل اطہار کو شریک فرمایا گیا ہے، جیسے درود ابراہیمی مگر بعض درودوں میں آپؐ کی اولاد اطہار کے ساتھ ساتھ ازواج مطہرات کو بھی شامل کیا گیا ہے۔ (بخاری عن ابی حمید ساعدی، حدیث نمبر: ۳۳۶۹)

آپؐ کے اہل بیت میں براہ راست جو حضرات شامل تھے، حضرت عائشہؓ کی روایت میں ایک واقعہ نقل کیا گیا ہے، جس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ حضرت فاطمہ، حضرت علی، حضرت حسن اور حضرت حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہم تھے۔ (مسلم حدیث نمبر: ۲۴۲۴) نیز حضرت عمر بن ابی سلمہؓ سے روایت ہے کہ جب آپؐ پر اہل بیت سے متعلق یہ آیت نازل ہوئی: ''بس اللہ یہی چاہتا ہے کہ اے (رسولؐ کے) اہل بیت! تم سے ہر قسم کے گناہ کا میل (اور شک و نقص کی گرد تک) دُور کر دے اور تمہیں (کامل) طہارت سے نواز کر بالکل پاک صاف کر دے۔'' (احزاب: ۳۳) تو آپؐ نے حضرت فاطمہؓ، حضرت حسنؓ اور حضرت حسینؓ کو بلایا، ان کو ایک کپڑا اڑھایا اور اپنے پیچھے حضرت علیؓ کو رکھا، اور ان کو بھی کپڑا اوڑھایا اور دعاء فرمائی: اے اللہ! یہ میرے اہل بیت ہیں، انہیں پاک کر دیجئے۔

ان اہل بیت اطہار کیلئے فرداً فرداً الگ سے بھی رسولؐ اللہ نے فضیلت بیان فرمائی۔ آپؐ نے حضرت علیؓ کی بابت فرمایا کہ ان کی محبت ایمان اور نفاق کا معیار ہے، جو مؤمن ہو گا وہ ان سے محبت کریگا، اور جو اُن سے بغض رکھے گا، وہ منافق ہو گا۔ (مسلم عن علی: ۷۸) ایک موقع پر آپؐ نے صحابہؓ کے مجمع میں فرمایا: جو میرا دوست ہے، وہ علیؓ کا دوست ہے، اے اللہ! جو علیؓ سے محبت اور دوستی رکھے، آپ بھی اس سے محبت فرمائیے اور جو علیؓ سے عداوت رکھے، آپ بھی اس کے ساتھ عداوت کا معاملہ فرمائیے۔ (مسند احمد، حدیث نمبر: ۱۹۳۰۲) حضرت فاطمہ زہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے مقام بلند کا حال یہ ہے کہ ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہؓ روایت کرتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے (حضرت فاطمہؓ سے) فرمایا: کیا تمہیں یہ بات پسند نہیں کہ مومن خواتین، یا فرمایا: اِس امت کی تمام خواتین میں تم سردار بنائی گئی ہو۔ (بخاری: ۶۲۸۵) ایک موقع پر ام المؤمنین حضرت عائشہؓ ہی نے حضرت فاطمہؓ سے فرمایا: کیا میں تم کو خوش خبری نہیں دوں کہ میں نے حضورؐ کو فرماتے ہوئے سنا کہ چار عورتیں خواتین جنت کی سردار ہیں: حضرت مریم، حضرت فاطمہؓ، ام المؤمنین حضرت خدیجہؓ اور فرعون کی بیوی حضرت آسیہؓ۔ (مستدرک عن عائشہ: ۴۸۵۳)

اہل سنت والجماعت کا عقیدہ ہے کہ جس شخص نے بھی بحالت ایمان رسولؐ اللہ کا دیدار کیا اور ایمان ہی پر اس کی موت ہوئی، وہ صحابی ہے، اور ہر صحابی عادل اور عند اللہ مغفور ہے۔

اردو صحافت میں کارٹون کا رواج

عارف عزیز(بھوپال)

آزادی کے بعد سیاسی وسماجی موضوعات پر طنزیہ کارٹون بنا کر اخبار بینوں کو چونکا دینے کا سلسلہ جاری رہا لیکن انگریزی اور ہندی اخبارات کے مقابلہ میں ہندوستان میں اردو اخبارات خال خال ہی تھے جنھوں نے اس کاروبار شوق کو اپنایا، ان اخبارات میں چند روزنامہ ''انقلاب'' روزنامہ ''سیاست'' روزنامہ ''اردو ٹائمز'' روزنامہ ''رہنمائے دکن'' روزنامہ ''کشمیر ٹائمز'' روزنامہ ''اورنگ آباد ٹائمز'' ہفت روزہ ''بلٹز'' اور روزنامہ ''خلافت'' کے نام قابل ذکر ہیں

کبھی اخبارات میں کارٹون لازم وملزوم ہوا کرتے تھے، جو اخبارات کے وقار میں اضافہ کرتے، جس طرح فکاہیہ کالم میں سیاست دانوں کا تذکرہ ایسے مبالغہ کے ساتھ کیا جاتا ہے کہ اس میں مزاح کی لہریں دوڑنے لگتی ہیں اور شخص مذکور کی ظاہری شکل تبدیل ہوکر مضحکہ خیز یا ناپسندیدہ بن جاتی ہے، اسی طرح کارٹون بنانے والا فنکار آڑھی ترچھی لکیروں میں ایک مضحکہ خیز صورت حال پیش کر کے لوگوں کو ہنسنے یا مسکرانے پر مجبور کردیتا ہے، طنزیہ ومزاحیہ کالم لکھنے والا جتنی شدت سے اپنی ناپسندیدگی یا غصہ کا اظہار اپنی تحریر میں کرتا ہے، کارٹون نگار بھی اپنی ذات کا دکھ اور ردعمل آڑھی ترچھی لکیریں کھینچ کر تصویری شکل میں ظاہر کردیتا ہے۔ دوسرے الفاظ میں یہ ایک قسم کے انتقامی کارروائی کا مظاہرہ ان کے خلاف ہوتا ہے جن کے کاموں کو وہ پسند نہیں کرتا، بعض نے اسے ''تصویری طنز ومزاح'' کا نام بھی دیا ہے۔ اس تصویری مزاح یا کارٹون کے لفظی معنی رف ڈیزائن اور کچے خاکے کے ہیں لیکن اصطلاح میں لفظ کارٹون اس قلمی تصویر کو کہتے ہیں جس میں مضحک طریقہ سے نہ صرف شخصیت کے خدوخال کو بگاڑ کر پیش کیا جائے۔ بلکہ سماجی، معاشی اور سیاسی موضوعات پر تیکھا طنز بھی صادر ہو۔ اس طرح کے کارٹون عام طور پر بڑے اخبارات ورسائل کی زینت بنتے ہیں اور انہیں قارئین کی گہری توجہ حاصل ہوتی ہے لیکن ماہرین کا دعویٰ ہے کہ جب سے تصویر سازی کا آغاز ہوا۔ اس وقت سے ہی کارٹون نگاری شروع ہوگئی تھی، خاص طور پر سیاسی کارٹون نگاری کی تاریخ کافی پرانی ہے، جس کو کسی واقعہ، سانحہ یا واردات کی گواہی کے طور پر بنایا جاتا تھا۔ اخبارات میں کارٹونوں کا رواج کافی بعد ۱۷ویں صدی میں ہوا ہے۔

اس وقت کارٹون کو کیری کچر کہا جاتا تھا، ۱۹ویں صدی کا نصف اول کارٹون نگاری کے لئے بہت زرخیز ثابت ہوا، ۱۸۳۰ء کے انقلاب نے یوروپ میں مصوری کو کافی فروغ دیا، بعد میں اسی صدی کے آخر میں جب لندن سے ہفت روزہ ''پنچ'' جاری ہوا تو کئی مصوروں کو کارٹون بنانے کی تحریک ملی اور وہ اپنے زمانہ کے سیاسی واقعات نیز قابل ذکر حادثات کو طنز ومزاح کا جامہ پہنا کر کارٹون کی شکل میں پیش کرنے لگے۔

برصغیر میں جس طرح صحافت کا آغاز یوروپی صحافت کی دین ہے۔ اسی طرح کارٹون کی شروعات بھی انگریزی اخبارات کی پیروی میں ہوئی، جہاں تک اردو اخبارات میں کارٹون کی اشاعت کا سوال ہے تو اس کا آغاز صحیح معنوں میں ''اودھ پنچ'' لکھنؤ میں انگریزی جریدے ''پنچ'' لندن کی اتباع میں ہوا تھا، یہ اردو کی مزاحیہ صحافت کا وہ سنگ میل ہے جہاں سے اردو صحافت میں باقاعدہ مزاحیہ تحریک کا آغاز ہوا اور دیکھتے ہی دیکھتے ''اودھ پنچ'' کے مزاحیہ وطنزیہ رنگ سارے برصغیر میں پھیل گئے، ملک کے گوشے گوشے سے ''مزاحیہ پنچ'' نکلنے لگے، مزاحیہ صحافت کی یہ روایت کسی نہ کسی طور پر آج بھی جاری ہے، کہیں اس کا رنگ مزاحیہ کالم میں نظر آتا ہے اور کہیں اخبارات کی رونق بڑھاتے ہوئے تیکھے اور چبھتے ہوئے کارٹونوں میں، اگر چہ آج کے کارٹون اور ''اودھ پنچ'' کے کارٹون معیار ومواد کے اعتبار سے کافی مختلف ہیں لیکن یہ حقیقت ہے کہ اردو اخباروں میں کارٹون شائع کرنے کی روایت ''اودھ پنچ'' نے ہی ڈالی، بعد میں مزاحیہ اخبارات ورسائل ہی نہیں عام اخبارات میں بھی جہاں مزاحیہ کالم نگار مستقل ہوتے وہیں کارٹونسٹ بھی عملہ میں شامل کئے جاتے، ''پیسہ'' اخبار میں صفحہ اول پر بڑے سائز میں ایک کارٹون ضرور شائع ہوتا تھا، مولانا محمد علی جوہر کا اخبار ''ہمدرد'' اور خواجہ حسن نظامی کا ''منادی'' بھی کارٹون کی اشاعت میں پیش پیش تھے، دوسری طرف روزنامہ اخبارات میں ''ملاپ'' اور ''پرتاپ'' نے کارٹون کا بھرپور استعمال کیا۔

بھوپال کے ہفت روزہ ''رہبر وطن'' میں خان شاکر علی خاں کے ایماومشورہ پر ایم عرفان کے بنائے ہوئے کارٹون کی اشاعت سے سیاسی زلزلہ آگیا تھا، اسی سلسلہ کا ایک کارٹون ۲۲ اگست ۱۹۳۴ء کو شائع ہوا تو اخبار کے ایڈیٹر اور پریس کے مالک کے خلاف گرفتاری وارنٹ جاری ہوگئے اور ان کی گرفتاری پر بھوپال میں پہلی مرتبہ زبردست عوامی مظاہرہ ہوا۔ ''صبح وطن'' کے ایڈیٹر شاکر علی خاں کو تین ماہ کی سزا سنائی گئی، کیونکہ مذکورہ کارٹون میں شعوری طور پر عدالت کی توہین کی گئی تھی۔

آزادی کے بعد سیاسی وسماجی موضوعات پر طنزیہ کارٹون بنا کر اخبار بینوں کو چونکا دینے کا سلسلہ جاری رہا لیکن انگریزی اور ہندی اخبارات کے مقابلہ میں ہندوستان میں اردو اخبارات خال خال ہی تھے جنھوں نے اس کاروبار شوق کو اپنایا، ان اخبارات میں چند روزنامہ ''انقلاب'' روزنامہ ''سیاست'' روزنامہ ''اردو ٹائمز'' روزنامہ ''رہنمائے دکن'' روزنامہ ''کشمیر ٹائمز'' روزنامہ ''اورنگ آباد ٹائمز'' ہفت روزہ ''بلٹز'' اور روزنامہ ''خلافت'' کے نام قابل ذکر ہیں۔ اردو کے بیشتر علاقائی اخبارات میں انگریزی سے کارٹون لئے جاتے تھے، خاص طور پر آر کے لکشمن اور شنکر جیسے باکمال کارٹون نگاروں کے بنائے ہوئے کارٹون نقل کر کے ان کے نیچے ''بشکریہ'' تحریر کردیا جاتا تھا، اس عرصہ میں اردو اخبارات کے لئے کارٹون بنانے والا ایسا کوئی فنکار نہیں ابھرا جس کی ملک گیر شناخت قائم ہوئی ہو، بھوپال کے ظفر آرٹسٹ نے چھٹی اور ساتویں دہائی میں ممبئی کے ''انقلاب''، ''اردو ٹائمز'' اور ''اخبار نو'' میں کافی کارٹون بنائے، بھوپال میں ''بھوپال ٹائمز'' جب دوسرے مرتبہ روزنامہ کی حیثیت سے نکلا تو اس میں بھی ظفر آرٹسٹ کے کارٹون دیکھنے کو مل جاتے تھے، بعد میں روزنامہ ''ندیم'' اور ''افکار'' میں ایم عرفان مرحوم کے بیٹے ایم عمران نے مستقل نہیں تو گاہے بگاہے کارٹون نویسی کی، اس کے برعکس پاکستان میں مذکورہ ''تصویری طنز ومزاح'' (کارٹون) کے خالق درجنوں آرٹسٹوں کو شہرت حاصل ہوئی۔

(یواین این)

www.arifaziz.com
E-mail:arifazizbpl@rediffmail.com
Mob.09425673760

کبھی اخبارات میں کارٹون لازم وملزوم ہوا کرتے تھے، جو اخبارات کے وقار میں اضافہ کرتے، جس طرح فکاہیہ کالم میں سیاست دانوں کا تذکرہ ایسے مبالغہ کے ساتھ کیا جاتا ہے کہ اس میں مزاح کی لہریں دوڑنے لگتی ہیں اور شخص مذکور کی ظاہری شکل تبدیل ہوکر مضحکہ خیز یا ناپسندیدہ بن جاتی ہے، اسی طرح کارٹون بنانے والا فنکار آڑھی ترچھی لکیروں میں ایک مضحکہ خیز صورت حال پیش کر کے لوگوں کو ہنسنے یا مسکرانے پر مجبور کردیتا ہے، طنزیہ ومزاحیہ کالم لکھنے والا جتنی شدت سے اپنی ناپسندیدگی یا غصہ کا اظہار اپنی تحریر میں کرتا ہے، کارٹون نگار بھی اپنی ذات کا دکھ اور ردعمل آڑھی ترچھی لکیریں کھینچ کر تصویری شکل میں ظاہر کردیتا ہے

ترقی پذیر ٹیکنالوجی

خالق ندیم

بس اتنی سی دعا ہے کہ آنے والے دنوں میں منظر عام پر آنے والی ٹیکنالوجی انسانوں کے مفاد میں ہو جس سے انسان کی فلاح ممکن ہو سکے

میسوری، امریکہ: یاسیت یا ڈپریشن ایک خوفناک کیفیت ہے اور اب انکشاف ہوا ہے کہ اس کی شکار ماؤں سے جب بچے کچھ تقاضہ کرتے ہیں تو ان کا ردِعمل تاخیری ہوسکتا ہے اور مختلف بھی۔ یونیورسٹی آف میسوری کے سائنسدانوں نے انکشاف کیا ہے کہ ڈپریشن سے نبردآزما خواتین اپنے بچوں کے فطری تقاضوں یا گفتگو کے جواب میں دیر سے جواب دیتی ہیں جو کم ازکم ان کی بات چیت سے سامنے آیا ہے۔ لیکن بات یہاں ختم نہیں ہوتی کیونکہ چھوٹے بچے جب زبان سیکھتے ہیں تو خود وہ سامنے والے کے الفاظ سے ہی اکتساب حاصل کرتے ہیں اور اب اگر آغوشِ مادر میں ان کا ردِعمل تاخیری ہوگا تو بچوں کو زبان سیکھنے میں دقت پیش آسکتی ہے اور اس سے دماغی نشوونما بھی متاثر ہوسکتی ہے۔ ماہرین کا خیال ہے کہ اگر مائیں بچے کی گفتگو کا جواب تاخیر سے دیتی ہیں تو خود آگے چل پر بچوں کی تدریس پر فرق پڑسکتا ہے۔ اس ضمن میں جامعہ کے اسکول آف ہیلتھ پروفیشن سے وابستہ نکولس اسمتھ نے سائنسی بنیادوں پر تحقیق کی ہے۔ پروفیسر نکولس نے اپنی ٹیم کی مدد سے 100 ایسے خاندان کی روزمرہ گفتگو کی آوازیں ریکارڈ کی ہیں جو مالیاتی مشکلات کے شکار تھے اور مالی مسائل سے ڈپریشن میں مبتلا تھے۔ پھر معلوم ہوا کہ بعض مائیں شدید اور درمیانے درجے کے ڈپریشن میں مبتلا تھیں۔ ان کی ریکارڈنگ میں سامنے آیا کہ جب مائیں بچوں سے بات کرتی ہیں تو ان کے ردِعمل میں تاخیر ہوتی ہیں اور یہ کیفیت یاسیت کی شکار تمام ماؤں میں نمایاں تھی۔ ماہرین کے مطابق ماؤں اور بچوں کی گفتگو میں ایک ربط ہوتا ہے اور ماں تاخیر سے بولے تو بچہ بھی اسی لحاظ سے ردِعمل دیتا ہے جس سے خود بچے میں بولنے اور سیکھنے کی صلاحیت متاثر ہوتی ہے۔ البتہ جو مائیں ڈپریشن سے دور تھیں ان میں یہ رجحان نہ ہونے کے برابر تھا شاید اس کی وجہ یہ ہے کہ ڈپریشن زدہ خواتین ہمہ وقت کسی نہ کسی فکر میں غلطاں و پیچاں رہتی ہیں۔ ماہرین نے اس پر مزید تحقیق کا عندیہ دیتے ہوئے کہا ہے کہ وہ ڈپریشن کی شکار ماؤں میں اس رجحان کو ختم کرنے کے طریقے پر بھی کام کریں گے۔

اسٹرابری قلب کو صحتمند رکھنے میں اہم کردار ادا کرسکتی ہے

روزانہ اٹھ اسٹرابری کھانے سے دل کو فائدہ ہوتا ہے اور بلڈ پریشر معمول پر رہتا ہے

بوسٹن: امریکہ میں بیریوں کی افادیت کی سالانہ میٹنگ میں ماہرین نے کہا ہے کہ انہیں مزید ثبوت ملے ہیں کہ اسٹرابری قلبی صحت کو بڑھاسکتی ہے۔ الینوائے انسٹی ٹیوٹ آف ٹیکنالوجی سے وابستہ پروفیسر برٹ برٹن فری مین کہتے ہیں کہ اگر غذا میں پھل کا حصہ غائب کردیا جائے تو اس سے امراضِ قلب اور ذیابیطس کا خطرہ بڑھ سکتا ہے۔ لیکن اس ضمن میں اسٹرابری اس خلا کو پر کرسکتی ہے اور دل کو توانا رکھنے میں انتہائی اہم کردار ادا کرسکتی ہے۔ تاہم ضروری ہے کہ روزانہ ایک کپ بھر کر اسٹرابری کھائی جائے۔ اسٹرابری کھانے سے مضر کولیسٹرول کم ہوتے ہیں، اندرونی سوزش کم ہوتی ہے اور آکسیڈیٹو اسٹریس کم ہوتی ہے۔ اس کے ساتھ ہی بلڈ پریشر بھی معمول پر رہتا ہے۔ ماہرین نے یہ بھی دیکھا کہ قلبی صحت کے کئی طبی مارکر بھی اسٹرابری کھانے سے بہتر ہوجاتے ہیں۔ ایک اور سروے سے معلوم ہوا کہ اسٹرابری کا باقاعدہ استعمال بالغوں میں ٹائپ ٹو ذیابیطس کو روکتا ہے اور یوں اسے علاج بالغذا کا درجہ دیا جاسکتا ہے۔ دوسری جانب روزانہ صرف آٹھ اسٹرابری کھانے سے وٹامن سی کی ضرورت پوری ہوجاتی ہے اور اسے کھانے کی عادت بنالینا ہی دل کے محافظ کو چوکنا رکھنا ہوسکتا ہے۔

ڈرون سے پھینکے گئے بیجوں کو مٹی میں دبانے والا نظام تیار

کارنیگی میلون یونیورسٹی کے ماہرین نے شاہِ بلوط کے درختوں کی مدد سے ای سیڈ نظام بنایا ہے جو بیجوں کو زمین کے اندر لے جانے اور نشوونما کی صلاحیت رکھتا ہے

پٹس برگ: دشوار گزار علاقوں میں ڈرون کے ذریعے مختلف پودوں کے بیج بکھیرے جاسکتے ہیں تاہم اب تک بیج مٹی میں نہ جانے سے یہ خواب شرمندہ تعبیر نہیں ہوسکا۔ اسی طرح ہوا ان بیجوں کو اڑا لے جاتی یا انہیں جانور چر جاتے ہیں۔ تاہم اب امریکی ماہرین نے بیجوں کو ایسے اسکرو نما ساختوں میں رکھا ہے جو ڈرل مشین کی طرح گھومتے ہوئے مٹی میں جذب ہوجاتے ہیں اور یوں کونپلیں پھوٹنے لگتے ہیں۔ کارنیگی میلون یونیورسٹی کی پروفیسر لینگ یوآ ؤ نے یہ سبق ایروڈیم پودے سے لیا ہے جو خشک ماحول اور سخت زمین میں بھی بیج بو دیتا ہے۔ اس کے باریک تنکے میں بیج بھرے ہوتے ہیں۔ پانی یا نمی کی صورت میں یہ کیل کی طرح سیدھا ہوجاتا ہے اور گھوم کر زمین میں گھسنے لگتا ہے اور یوں نیچے موجود بیج مٹی میں چلے جاتے ہیں۔ عین اسی طریقے پر ڈاکٹر لینگ نے شاہ بلوط کے درخت سے 'ای سیڈ' بنایا ہے کیونکہ یہ نمی سے بہت حساس ہوتا ہے۔ اس کے ڈھکن کی تین دُمیں (کنارے) ہوتے ہیں اور زمین ہموار مل جائے تو وہ سیدھا کھڑا ہوسکتا ہے۔ سائنسدانوں نے اسے پانچ مراحل سے گزارا ہے اور جس میں کیمیکل سے دھونے، مشینی انداز میں مولڈنگ اور بیجوں کو بھرنے جیسے اہم مراحل شامل ہیں۔ واضح رہے کہ بیج کی پوشاک بنانے میں طبعیات، میکانیات، میٹیریل سائنس اور حرکیات کو بغور نوٹ کیا گیا تھا۔

اسٹیم سیل تھراپی سے ایچ آئی وی میں مبتلا دنیا کا تیسرا مریض شفایاب

فرانس: ایچ آئی وی اور ایڈز سے دنیا بھر میں ہر سال ساڑھے تین کروڑ افراد لقمہ اجل بن رہے ہیں اور اب اسٹیم سیل (خلیاتِ ساق) تھراپی سے دنیا کا تیسرا مریض مکمل طور پر شفایاب ہوچکا ہے۔ اس مریض کو 'ڈسلڈ روف کا مریض' کہا گیا ہے۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ مریض لیوکیمیا (بلڈ کینسر) کا شکار تھا اور وہ اس مرض سے بھی پاک ہوگیا ہے۔ اس سے پہلے جو دو مریض بہ یک وقت کینسر اور ایچ آئی وی سے شفایاب ہوئے ہیں انہیں بالترتیب برلن اور لندن مریض کا نام دیا گیا ہے۔ تاہم پہلے اور دوسرے مریض کی شفایابی پر ناقدین نے اس تھراپی کو خطرے سے بھرپور یعنی ہائی رسک قرار دیا تھا۔ ڈاکٹروں نے 53 سالہ شخص کا نام ظاہر نہیں کیا ہے جو 2008 سے ایچ آئی وی کا شکار تھا اور گزشتہ تین برس سے مائی لوئڈ لیوکیمیا میں گرفتار تھا جو خون کا جان لیوا کینسر تھا۔ پھر 2013 میں ایک خاتون سے ہڈیوں کا گودا لے کر اس شخص میں منتقل کیا گیا۔ گودے میں قدرتی طور پر سی سی آر 5 جینیاتی تبدیلی تھی۔ اس جینیاتی تبدیلی سے ایچ آئی وی خلیات میں سرایت نہیں کرسکتی اور دھیرے دھیرے مریض کے ساتھ بھی یہی کچھ ہوا اور اب کئی برس بعد اسے مہلک مرض سے مکمل طور پر شفایاب قرار دیا گیا ہے۔ مریض نے اپنے بیان میں ڈاکٹروں کی ٹیم کا شکریہ ادا کرتے ہوئے اس کام پر اپنے فخر کا اظہار کیا ہے۔ 'مجھے خوشی ہے کہ ایک ساتھ میں دو امراض یعنی کینسر اور ایچ آئی وی سے آزاد ہوگیا ہوں،' مریض نے کہا۔ تاہم سی سی آر فائیو جین میں تبدیلی والے شخص کی تلاش سب سے مشکل کام ہے کیونکہ دنیا بھر میں ایسے تندرست افراد ملنا بہت مشکل ہوتا ہے۔ تاہم فرانس کے پاسچر انسٹی ٹیوٹ سے تعلق رکھنے والے ماہرین نے ایک خاتون تلاش کرلی۔

لیموں
صحت سے بھرا پھل

واو کیفت: لیموں کا نباتاتی نام اسٹرس لیمن (lemonCitrus) ہے۔
تاریخی پس منظر: لیموں چھوٹے سائز کا پھل ہے۔ پورے سائز کے پھل کا قطر پچاس ملی میٹر یعنی دو انچ تک ہوتا ہے۔ اس کے پودے سدابہار ہوتے ہیں۔
اس پھل کا بنیادی تعلق براعظم ایشیا شمال مشرقی ہندوستان اور چین سے ہے۔ لیموں شکل میں بیضوی اور رنگت میں پیلے رنگ کا ہوتا ہے۔
یہ دنیا بھر میں استعمال ہونے والا پھل ہے۔ لیموں کے بارے میں خیال کیا جاتا ہے کہ اس کا آغاز قدیم روم کے زمانے سے دوسری صدی کے بعد جنوبی اٹلی کے قریب یورپ سے ہوا۔ بعدازآں فارس عراق اور مصر میں 700ء کے آس پاس متعارف ہوا۔
لیموں چودہ سوترانوے 1493ء میں امریکا میں پہلی بار متعارف ہوا، جب کہ کرسٹوفر کولمبس اسے اپنے سفر میں ہسپانیولا میں لیمن کے بیج لایا۔
یورپ میں لیموں کی پہلی کاشت پندرہویں صدی کے وسط میں جینوا میں شروع ہوئی۔ انیسویں صدی میں اس کی کاشت فلوریڈا اور کیلیفورنیا میں وسیع پیمانے پر شروع ہوئی۔ اس کے پودے سال بھر ایک ساتھ پھول اور پھل پیدا کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔
پھل کی بیرونی جلد سبز اور بعدازآں پیلی ہوجاتی ہے۔
لیموں کے پودوں کو نشوونما پانے کے لیے کم سے کم درجہ حرارت کی ضرورت ہوتی ہے۔ لیموں کے رس کا پی ایچ تقریباً 5 سے 6 فیصد تک ہوتا ہے جو اسے کھٹے ذائقے میں میں تبدیل کرتا ہے۔
لیموں کے رس سے لیمونیڈ پانی بنایا جاتا ہے، جسے گرمیوں میں جسم میں نمکیات کی کمی پوری کرنے کے لیے پیا جاتا ہے۔ یہ گرم موسم کا مقبول ترین مشروب ہے۔ لیموں کئی مقاصد کے لیے استعمال ہوتا ہے۔
البتہ زیادہ تر اچار، سلاد، مشروبات اور پکوانوں میں استعمال کیا جاتا ہے۔ لیموں کے درخت تین سے چھ میٹر یعنی دس 10 سے بیس 20 فٹ اونچے ہوتے ہیں۔ اگر اس کی کٹائی نہ کی جائے تو پتوں کی رنگت سرخی مائل رہتی ہے۔
پھل میں بیج چھوٹے بیضوی اور نوکیلے ہوتے ہیں۔ پودوں سے سال میں چھ سے دس بار پھل لیا جاسکتا ہے۔
ایک محتاط اندازے کے مطابق باغ کی اوسط پیداواری درخت 1500 سو لیموں سالانہ ہے۔ لیموں کے پھل کو 3 ماہ تک اسٹور کیا جاسکتا ہے۔
اقسام: ماہرین نباتات کے مطابق لیموں کی 30 سے زائد اقسام ہیں۔ ذیل میں چند اقسام کی تفصیل بیان کی جارہی ہے:
1۔ یوریکا لیموں: یہ قسم بنیادی طور پر فلوریڈا اور برازیل میں اگائی جاتی ہے۔ باغبان اسے بہت زیادہ پسند کرتے ہیں کیوں کہ یہ پیداوار بڑھوتری، دیکھ بھال اور اکٹھا کرنے میں بہت آسان ہے۔ اسے موسم گرما سے لے کر خزاں تک کاٹ سکتے ہیں۔
یہ قسم رس دار ہوتی ہے ان میں بیج بہت کم ہوتے ہیں۔ اس کا ذائقہ کھٹا ہوتا ہے جو مشروبات اور لیمونیڈ بنانے میں بہترین ہے۔
2۔ لیما لیموں: لیما لیموں کو میٹھا لیموں بھی کہا جاتا ہے۔ اس میں تیزابیت کم ہوتی ہے۔ یہ مشہور میٹھا اور اپنے ذائقے میں قدرے تیز ہوتا ہے۔ اس کی خوبی یہ ہے کہ اسے سارا سال کاٹ سکتے ہیں۔ اس کا سائز درمیانہ اور رنگ گہرا سبز ہوتا ہے۔ اسے ذائقہ دار کھانوں میں استعمال نہیں کیا جاتا بلکہ اسے محفوظ کیا جاتا ہے۔
3۔ لزبن لیموں: اس کا سائز ہموار اور رنگ پیلا ہوتا ہے۔ اس قسم میں بیج بہت کم ہوتے ہیں۔ اس کی کھٹی مہک ناقابل یقین حد تک مسحور کن ہوتی ہے۔ اس کا ذائقہ تیزابی ہوتا ہے۔
اسے کسٹرڈ بنانے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ اس کی کٹائی کا بہترین موسم، موسم سرما اور بہار ہے۔
4۔ فینوسٹرن لیموں: اس قسم کا ذائقہ بہت کھٹا اور رس دار ہوتا ہے۔ لوگ اسے زیادہ تر طبی مقاصد کے لئے استعمال کرتے ہیں۔ اس کی فصل ستمبر سے اپریل تک کاٹ لی جاتی ہے۔ اس میں بیجوں کی خاصی مقدار پائی جاتی ہے۔ یہ جنوب مشرقی علاقوں کا زیادہ مقبول پھل ہے۔
5۔ ین بین لیموں: ین بین لیموں ایک نازک قسم ہے۔ اس کی نشوونما اور دیکھ بھال کرنا کافی مشکل کام ہے۔ یہ قسم گرمیوں اور سردیوں دونوں موسم میں دست یاب ہوتی ہے۔
اس کی کٹائی وقت پر کرنا پڑتی ہے ورنہ اس کے خراب ہونے کا خدشہ ہوتا ہے۔ اس کی رنگت پیلی اوت شکل بیضوی ہوتی ہے۔ جلد چکنی اور ہموار ہوتی ہے۔ اس میں بیج بہت کم تعداد میں پائے جاتے ہیں۔
6۔ ورنا لیموں: یہ قسم یورپی ممالک خصوصاً اٹلی اور اسپین میں بہت مشہور ہے۔ یہ بہت زیادہ پیداواری قسم ہے۔ پودوں کو لیموں بہت زیادہ تعداد میں لگتا ہے۔
اس کی کٹائی فروری اور جولائی کے اوائل میں کرتے ہیں۔ اس میں بیج بہت کم تعداد میں ہوتے ہیں جب کہ چھلکا موٹا ہوتا ہے۔
7۔ کاغذی چونا: ابتدا میں اس کا رنگ سبز اور پکنے کے بعد پیلا ہوجاتا ہے۔ اس قسم کی ابتدا وسطی ہندوستان سے ہوئی۔
اس کے پسندیدہ موسم گرمی اور سردی ہیں۔ اسے مشروبات اور کھانوں میں استعمال کیا جاتا ہے۔ اس کا ذائقہ کھٹا ہوتا ہے۔ اس قسم کو زیادہ تر طبی مقاصد کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ اس سے مچھر کے کاٹنے کا علاج بھی کیا جاتا ہے۔ یہ جسم کی جلن کو کم کرتا ہے۔
8۔ بش لیموں: یہ ایک آسٹریلوی قسم ہے جس میں لیموں کا مشہور ذائقہ پایا جاتا ہے۔ تاہم اس میں زیادہ رس نہیں ہوتا۔ اس لیے یہ قسم زیادہ تر پکوان کے لیے موزوں ہے۔
اس کا ذائقہ پکوان کو مزے دار بنا دیتا ہے۔ یہ تمبا کو نوشی کرنے والوں کے لیے زیادہ مفید ہے۔ یہ قسم زیادہ تر جنگل میں پیدا ہوتی ہے۔ جب تک زمین پر اس کے بیج گرتے رہتے ہیں نئے پودے اس وقت تک اگتے رہتے ہیں۔ اس قسم کی جلد کھردری اور رنگت زرد ہوتی ہے۔
9۔ بدھا کے ہاتھ کے لیموں: اس قسم کے لیموں کو اس کی غیر معمولی شکل کی وجہ سے "فنگر لیمنز" بھی کہا جاتا ہے۔ یہ اوپر سے ایسے دکھائی دیتے ہیں جیسے لمبے پتلے ہاتھ بڑھ رہے ہیں۔ چین میں اسے خوش قسمتی کی علامت سمجھا جاتا ہے۔
یہ قسم عام طور پر مذہبی تقریبات میں پیش کی جاتی ہے۔ بدھا کے لیموں میں خاص بات یہ ہے کہ اس میں رس اور گودا نہیں ہوتا۔ اس کا ذائقہ میٹھا اور کڑواہٹ سے پاک ہوتا ہے۔ اسے کچا بھی کھایا جاسکتا ہے۔ عموماً اسے گھروں میں سجاوٹ کے طور پر رکھا جاتا ہے۔
10۔ ولافرانکا لیموں: اس قسم کا ذائقہ کھٹا ہوتا ہے۔ اس کا سائز درمیانہ اور جلد پیلی ہوتی ہے۔ یہ امریکا زیادہ تر فلوریڈا اسٹیٹ میں پایا جاتا ہے۔
ارجنٹینا اور اسرائیل میں بھی اس کی کاشت کی جاتی ہے۔ یہ موسم سرما کا پھل ہے اس کا ذائقہ اور شکل یوریکا لیموں سے ملتی جلتی ہے۔
مجموعی پیداوار: 2020ء تک لیموں کی کل پیداوار 21.4 ملین ٹن تھی۔ جہاں یہ پیدا ہوتا ہے ان ممالک میں سرفہرست ہندوستان 3.7، میکسیکو 2.9، چین 2.7، ارجنٹائن 1.8، برازیل 1.6 اور ترکی کی 1.2 ملین ٹن سالانہ پیداوار، شامل ہیں۔
فائٹو کیمیکل مرکبات: لیموں کے پھل میں مندرجہ ذیل فائٹو کیمیکل مرکبات پائے جاتے ہیں۔
* غذائی حقائق: سو گرام 100 لیموں میں یو ایس ڈی اے (USDS) کے مطابق اس کی غذائی مقدار مندرجہ ذیل ہے۔
پانی: 89%، توانائی: 29 کیلوریز، شکر: 2.5 گرام، کاربوہائیڈریٹس 9.32 گرام، ڈائٹری فائبر: 2.8 گرام، فیٹ: 0.3 گرام، پروٹین: 1.1 گرام، وٹامنز/مقدار/روزانہ ضرورت، تھایامین بی ون 0.04 ملی گرام 3%، رائبوفلیون بی ٹو 0.02 ملی گرام 2%، نیاسین بی تھری 0.1 ملی گرام 1%، پینٹوتھینک ایسڈ بی فائیو 0.19 ملی گرام 4%، وٹامن بی سکس 0.08 ملی گرام 6%، فولیٹ بی نائن 11 مائیکروگرام 3%، چولین 5.1 ملی گرام 1%، وٹامن سی 53 ملی گرام 64%، معدنیات/مقدار/روزانہ ضرورت، کیلشیم 26 ملی گرام 3%، آئرن 0.6 ملی گرام 5%، میگنیشیم 8 ملی گرام 2%، میگنیز 0.03 ملی گرام 1%، فاسفورس 16 ملی گرام 2%، پوٹاشیم 138 ملی گرام 3%، زنک 0.06 ملی گرام 1%
1۔ دل کے امراض سے تحفظ: لیموں وٹامن سی کا اچھا ذریعہ ہے۔ ایک لیموں تقریباً 31 ملی گرام وٹامن سی فراہم کرتا ہے۔

The Urdu Daily
WATTAN
وطن سرینگر

ہندوستان کی خاتون ٹیم نے فتح کے ساتھ مہم کا آغاز کیا

نئی دہلی (ایم این این): اوپنر شیفالی ورما (۶۴) کی شاندار نصف سنچری اور نندنی شرما و دیپتی شرما (۳-۳/ وکٹیں) کی قیادت میں گیند بازوں کی عمدہ کارکردگی کی بدولت ہندوستان نے ویمنز ایشیا کپ میں گروپ 'بی' کے میچ میں تھائی لینڈ کو ۹۴/ رنوں سے شکست دے کر فاتحانہ آغاز کیا۔ ہندوستان نے مقررہ ۲۰/ اوور میں ۹/ وکٹوں کے نقصان پر ۱۵۹/ رن کا اسکور بنانے کے بعد تھائی لینڈ کی پوری ٹیم کو ۱۶.۱/ اوور میں ۶۵/ رن پر آؤٹ کر دیا۔ تھائی لینڈ کی جانب سے ناننا پات کوتچاروئکائی نے سب سے زیادہ ۴۱/ رنز بنائے اور وہ واحد بلے باز رہیں جو دو ہندسوں تک پہنچ سکیں۔ نندنی شرما نے ۱۸/ رن دے کر ۳/ وکٹ، شری چرنی نے ۱۰/ رن دے کر ۲/ وکٹ اور دیپتی شرما نے صرف ایک رن دے کر ۳/ وکٹ حاصل کئے۔ کرانتی گاؤڈ کو ۲۶/ رن کے عوض ایک وکٹ ملا۔ شیفالی کی جارحانہ نصف سنچری سے ایک وقت ایسا محسوس ہو رہا تھا کہ ہندوستان ۲۰۰/ رن کے اسکور تک بھی پہنچ سکتا ہے لیکن بعد میں ٹیم کے آل آؤٹ ہونے کا خطرہ منڈلانے لگا۔ تاہم کرانتی گاؤڈ اور شری چرنی نے مل کر یہ نوبت نہیں آنے دی اور ہندوستانی اسکور کو ۱۵۰/ کے پار پہنچا دیا۔ تھائی لینڈ نے عمدہ فیلڈنگ کی اور کچھ اچھے کیچ لینے کے ساتھ ساتھ اسمرتی مندھانا اور دیپتی شرما کو رن آؤٹ بھی کیا۔ ہندوستان خواتین کرکٹ ٹیم کی تجربہ کار آل راؤنڈر دیپتی شرما نے خواتین کے ٹی-۲۰/ انٹرنیشنل کرکٹ میں تاریخ رقم کر دی ہے۔ تھائی لینڈ کے خلاف ٹیم انڈیا کی ۹۴/ رنوں کی یک طرفہ فتح کے دوران دیپتی نے یہ شاندار کامیابی حاصل کی۔ وہ اب خواتین کے ٹی ۲۰/ انٹرنیشنل کرکٹ کی تاریخ میں سب سے زیادہ وکٹیں لینے والی گیند باز بن گئی ہیں جن کے نام اب ۱۷۱/ وکٹیں درج ہو چکی ہیں۔ اس فہرست میں تھائی لینڈ کی تھیپا تچا پتاو وونگ (۱۷۰/ وکٹیں) دوسرے، روانڈا کی ہینریٹ اسیوی (۱۶۴/ وکٹیں) تیسرے، انگلینڈ کی سوفی ایکلیسٹون (۱۵۴/ وکٹیں) چوتھے اور ہانگ کانگ کی کیری چانگ (۱۵۳/ وکٹیں) پانچویں نمبر پر موجود ہیں۔

امپیکٹ پلیئر ضابطے پر بی سی سی آئی نے فرنچائز سے رائے مانگی

نئی دہلی (ایم این این): ہندوستانی کرکٹ کنٹرول بورڈ (بی سی سی آئی) نے آئی پی ایل فرنچائز سے لیگ کے سب سے زیادہ زیر بحث موضوع امپیکٹ پلیئر ضابطے پر رائے مانگی ہے۔ فرنچائز سے پیر (۳۱/ اگست ۲۰۲۶ء) تک اس متنازع ۱۲/ ویں کھلاڑی والے ضابطے پر اپنی رائے دینے کو کہا گیا ہے۔ اس ضابطے نے لیگ میں مختلف رائے پیدا کی ہے، خاص طور پر گزشتہ سیزن میں، جب کئی زیادہ اسکور والے میچ ہوئے اور بے بس گیند بازوں کو لے کر تشویش ظاہر کی گئی۔ بی سی سی آئی نے کئی دیگر معاملات پر بھی فرنچائز کی رائے مانگی ہے، جن میں پی ایم او اے معاملہ، امپائرنگ، پریکٹس سیشن اور کھیلنے کی شرائط شامل ہیں۔ لیکن ٹیموں کو بھیجے گئے حالیہ مختصر پیغام میں سب سے اہم موضوع امپیکٹ پلیئر شق تھی۔ کرک بز کو یہ پیغام ملا ہے۔ حال ہی میں ختم ہوئے سیزن پر رائے مانگنا آئی پی ایل میں ایک عام عمل ہے۔ لیکن امپیکٹ پلیئر شق پر خاص طور پر رد عمل مانگنا توقع کے برعکس لگتا ہے، کیونکہ یہ مانا جا رہا تھا کہ یہ ضابطہ کم از کم ایک اور سیزن تک جاری رہے گا۔ بی سی سی آئی / آئی پی ایل حکام نے گزشتہ سال سیزن سے پہلے کپتانوں کی میٹنگ میں اشارہ دیا تھا کہ یہ ضابطہ ایک اور سال تک نافذ رہے گا۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ بی سی سی آئی کے پیغام میں اسی کپتانوں کی میٹنگ کا ذکر کیا گیا ہے۔ روہت شرما، ہاردک پانڈیا، اکشر پٹیل اور شبھ من گل جیسے کئی معروف کھلاڑیوں نے کھلے طور پر اس خیال کی مخالفت کی ہے۔ آئی پی ایل سے جو بات سامنے آ رہی ہے، وہ یہ ہے کہ اس ضابطے کے حامی بھی ہیں۔ تاہم، جب یہ معاملہ طے شدہ لگ رہا تھا، تب اسے دوبارہ اٹھانا ایک غیر یقینی صورت حال پیدا کرتا ہے۔ کیا اگلے سیزن میں اس ضابطے کا جائزہ لیا جائے گا، یہ اب بھی ایک کھلا سوال ہے۔ بی سی سی آئی / آئی پی ایل کی ای میل میں کہا گیا ہے، آئی پی ایل ۲۰۲۶ء کپتانوں کی میٹنگ میں ہوئی گفتگو کے مطابق، یہ طے کیا گیا تھا کہ ٹورنامنٹ ختم ہونے پر تمام فرنچائز سے کرکٹ سے متعلق اہم معاملات پر رائے لی جائے گی۔ اس لیے، ہم آپ سے درخواست کرتے ہیں کہ آپ اپنی کرکٹ آپریشنز ٹیموں کے ساتھ ان موضوعات پر گفتگو کریں اور اپنی جمع کردہ رائے ہمارے ساتھ شیئر کریں۔ ای میل میں مزید کہا گیا ہے،

پاکستان کی شرمناک شکست،

انگلینڈ کو سیریز میں ناقابل تسخیر برتری حاصل

نئی دہلی (ایم این این): اولی رابنسن (۴/ وکٹ)، جوش ٹنگ (۳/ وکٹ) اور جوفرا آرچر (۲/ وکٹ) کی تباہ کن گیند بازی کی بدولت انگلینڈ نے پاکستان کو دوسرے ٹیسٹ کے چوتھے دن دوسری اننگز میں ۱۹۴/ رنوں پر آل آؤٹ کر کے ۱۹۴/ رنوں سے میچ جیت کر ۳/ میچوں کی سیریز میں دو صفر کی ناقابل شکست برتری حاصل کر لی۔ کھیل شروع ہوتے ہی نتیجہ تقریباً واضح تھا، لیکن پاکستان کو اپنی کارکردگی بہتر بنانے کی ضرورت تھی۔ پورے دورے میں اس کی بلے بازی خراب رہی اور بدقسمتی سے دوسری اننگز میں بھی اس میں کوئی خاص بہتری نہیں آئی۔ سیریز برابر کرنے کیلئے ۳۸۹/ رنوں کا ہدف ملنے کے بعد پاکستان کی ٹیم جلد ہی ۱۴/ رن پر ۳/ وکٹ کے اسکور پر پہنچ گئی۔ سعود شکیل کیلئے یہ سیریز اچھی نہیں رہی اور اس دوران ان کی تکنیکی کمزوریاں بھی سامنے آئیں، لیکن وہ اپنی صلاحیت ثابت کرنے کے پختہ عزم کے ساتھ میدان میں اترے۔ انہوں نے شان مسعود کے ساتھ چوتھی وکٹ کے لئے ۹۷/ رنوں کی شراکت داری قائم کی اور اس کے بعد لوور آرڈر بلے بازوں کے ساتھ بھی جارحانہ انداز میں بیٹنگ کی۔ اس بائیں ہاتھ کے بلے باز نے کھل کر بلے بازی کی اور شارٹ گیندوں کا بھی بھرپور سامنا کیا، لیکن ۹۷/ رن کے اسکور پر شارٹ گیند پر آؤٹ ہو گئے۔ بدقسمتی سے پاکستان کے لئے سعود شکیل کے ۹۷/ رن ٹیم کے مجموعی اسکور کا تقریباً نصف تھے، جبکہ باقی بلے باز خاطر خواہ کارکردگی نہیں دکھا سکے۔ امام الحق ایک بار پھر بیٹنگ میں ناکام رہے۔ اولی رابنسن نے ۴/ وکٹ لے کر شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کیا، ٹنگ نے آخری اوورز میں ۳/ وکٹ حاصل کئے جبکہ آرچر نے ۲/ وکٹ لئے۔ اس سے قبل انگلینڈ نے گزشتہ روز کے ۷/ وکٹ پر ۱۷۷/ رنوں سے آگے کھیلنا شروع کیا اور اس کی دوسری اننگز ۲۰۸/ رنوں پر ختم ہوئی تھی۔ پورے دورے میں اس کی بلے بازی خراب رہی اور بدقسمتی سے دوسری اننگز میں بھی اس میں کوئی خاص بہتری نہیں آئی۔ سیریز برابر کرنے کیلئے ۳۸۹/ رنوں کا ہدف ملنے کے بعد پاکستان کی ٹیم جلد ہی ۱۴/ رن پر ۳/ وکٹ کے اسکور پر پہنچ گئی۔ سعود شکیل کیلئے یہ سیریز اچھی نہیں رہی اور اس دوران ان کی تکنیکی کمزوریاں بھی سامنے آئیں، لیکن وہ اپنی صلاحیت ثابت کرنے کے پختہ عزم کے ساتھ میدان میں اترے۔ انہوں نے شان مسعود کے ساتھ چوتھی وکٹ کے لئے ۹۷/ رنوں کی شراکت داری قائم کی اور اس کے بعد لوور آرڈر بلے بازوں کے ساتھ بھی جارحانہ انداز میں بیٹنگ کی۔ اس بائیں ہاتھ کے بلے باز نے کھل کر بلے بازی کی اور شارٹ گیندوں کا بھی بھرپور سامنا کیا، لیکن ۹۷/ رن کے اسکور پر شارٹ گیند پر آؤٹ ہو گئے۔ بدقسمتی سے پاکستان کے لئے سعود شکیل کے ۹۷/ رن ٹیم کے مجموعی اسکور کا تقریباً نصف تھے،

سوریہ ونشی کی طوفانی نصف سنچری کے بعد

مکیش اور سمیع نے سینٹرل زون کو دیئے ابتدائی جھٹکے

نئی دہلی (ایم این این): ویبھو سوریہ ونشی (۹۲/ رن) اور ابھیمنیو ایشورن (۶۹/ رن) کی شاندار بلے بازی کے بعد مکیش کمار (دو وکٹ) اور محمد سمیع (ایک وکٹ) کی بہترین گیند بازی کی بدولت مشرقی زون نے دلیپ ٹرافی کے پہلے سیمی فائنل میں دوسرے دن پیر کو وسطی زون کے ۴۵/ رن پر تین وکٹ حاصل کر کے میچ پر اپنی گرفت مضبوط کر لی۔ دوسری اننگز میں بلے بازی کے لیے اتری سینٹرل زون کی ٹیم کو مکیش کمار نے کنال چندیلا (۲) کو آؤٹ کر کے ابتدائی جھٹکا دیا۔ اس کے بعد ۱۴/ ویں اوور میں محمد سمیع نے آریان جویال (۸) کو پویلین بھیج دیا۔ دن کا کھیل ختم ہونے سے قبل مکیش کمار نے کپتان رجت پاٹیدار (۵) کو بھی آؤٹ کر دیا۔ اسٹمپس کے وقت وسطی زون نے تین وکٹ پر ۴۵/ رن بنائے تھے۔ امن مو کھاڑے (ناٹ آؤٹ ۲۳/ رن) اور آریان پانڈے (ناٹ آؤٹ ۴/ رن) کریز پر موجود تھے۔ اس سے قبل پیر کو ویبھو سوریہ ونشی (۹۲) اور ابھیمنیو ایشورن (۶۹) کی نصف سنچریوں کی بدولت مشرقی زون نے وسطی زون کے خلاف پہلی اننگز میں ۲۶۶/ رن بنائے۔ سوریہ ونشی اور ابھیمنیو کی اوپننگ جوڑی نے پہلی وکٹ کے لیے ۱۶۱/ رن کی شراکت داری کر کے اپنی ٹیم کو مضبوط آغاز فراہم کیا، لیکن اس کے بعد وکٹیں مسلسل گرتی رہیں اور مشرقی زون پہلی اننگز میں برتری حاصل نہیں کر سکا۔ وسطی زون نے بھی اپنی پہلی اننگز میں ۲۶۶/ رن بنائے تھے۔ ۲۶/ ویں اوور میں ہرش دوبے نے سنچری کی جانب بڑھ رہے ویبھو سوریہ ونشی کو آؤٹ کر کے وسطی زون کو پہلی کامیابی دلائی۔ سوریہ ونشی نے ۸۱/ گیندوں پر سات چوکے اور سات چھکوں کی مدد سے ۹۲/ رن کی طوفانی اننگز کھیلی۔ اسی اوور میں ہرش نے کمار کشاگر کو بھی صفر پر آؤٹ کر دیا۔ اس کے بعد سدیپ کمار گھرامی نے ابھیمنیو ایشورن کے ساتھ اننگز سنبھالنے کی کوشش کی۔ ۳۹/ ویں اوور میں آریان پانڈے نے نصف سنچری مکمل کر چکے ابھیمنیو ایشورن (۶۹) کو آؤٹ کر کے پویلین بھیج دیا۔ اس کے بعد پانڈے نے ۴۱/ ویں اوور میں ویراٹ سنگھ (۵) اور سدیپ کمار گھرامی (۲۵) کو آؤٹ کر کے وسطی زون کی میچ میں واپسی کرا دی۔ اس کے بعد وسطی زون کے گیند بازوں نے مشرقی زون کے بلے بازوں کو جم کر کھیلنے کا موقع نہیں دیا۔ کپتان ایشان کشن اور انو کول رائے ۱۶-۱۶/ رن بنا کر آؤٹ ہوئے۔ محسن قریشی (۱۳) اور ابھیجیت سرکار (۲) رن بنا کر پویلین لوٹ گئے۔ ۵۷/ ویں اوور میں یش ٹھاکر نے مکیش کمار (۳) کو بولڈ کر کے ۲۶۶/ رن کے اسکور پر مشرقی زون کی پہلی اننگز کا خاتمہ کر دیا۔ وسطی زون کی جانب سے ہرش دوبے نے چار وکٹ حاصل کیے، جبکہ یش ٹھاکر اور آریان پانڈے نے تین، تین وکٹ لیے۔

خواتین چیمپئن ٹرافی کی میزبانی کا حق سری لنکا سے چھین لیا گیا

نئی دہلی (ایم این این): فروری ۲۰۲۷ء میں ہونے والی پہلی خواتین چیمپئن ٹرافی کی میزبانی کا حق سری لنکا سے واپس لے لیا گیا ہے۔ کرک انفو کو ملی معلومات کے مطابق ۶/ ٹیموں کا یہ ٹورنامنٹ اسی مدت میں کسی دوسرے مقام پر کھیلا جائے گا اور اس کے ہندوستان میں منعقد ہونے کا امکان ہے۔ نئے میزبان کی تصدیق اکتوبر میں ہونے والے اگلے آئی سی سی بورڈ اجلاس میں کی جا سکتی ہے۔ سری لنکا سے ٹورنامنٹ کی میزبانی کا حق اس لیے واپس لیا گیا ہے کیونکہ وہاں کے بورڈ سری لنکا کرکٹ (ایس ایل سی) میں حکومت کی مداخلت ہے۔ یہ ایک سال کے اندر سری لنکا میں ہونے والا دوسرا آئی سی سی ٹورنامنٹ ہوتا تھا۔ اس سے پہلے اس نے ۲۰۲۶ء مردوں کے ٹی ۲۰/ عالمی کپ کی مشترکہ میزبانی کی تھی۔ ایس ایل سی فی الحال ٹرانسفارمیشن کمیٹی نام کی عبوری انتظامیہ ہے، جسے سری لنکا کی حکومت نے بنایا ہے اور یہ آئین میں تبدیلی سمیت بورڈ میں بڑی تبدیلیوں کی نگرانی کرے گی۔ آئی سی سی سیاسی طور پر مقرر کردہ انتظامیہ کو تسلیم نہیں کرتا اور ٹرانسفارمیشن کمیٹی کی تشکیل کے بعد سے ایس ایل سی کے نمائندے آئی سی سی بورڈ کے اجلاسوں میں شامل نہیں ہوئے ہیں۔ مقام کی تبدیلی کا سری لنکا کی ٹیم پر بڑا اثر پڑ سکتا ہے، جو صرف میزبان ہونے کی وجہ سے ٹورنامنٹ کے لیے کوالیفائی کر پائی تھی۔ اس مقابلے میں آئی سی سی رینکنگ کی سرفہرست ۶/ ٹیمیں ہی حصہ لیں گی اور ہفتے کو جاری کی گئی رینکنگ کے مطابق سری لنکا فی الحال ۷/ ویں مقام پر ہے۔ آسٹریلیا، انگلینڈ، ہندوستان، نیوزی لینڈ اور جنوبی افریقہ سرفہرست ۵/ ٹیمیں ہیں۔ ویسٹ انڈیز ۶/ ویں مقام پر ہے اور اگر سری لنکا کوالیفائی نہیں کرتا ہے تو کیریبین ٹیم کو ٹورنامنٹ میں جگہ مل سکتی ہے۔ ۳/ سال میں یہ دوسری بار ہوگا جب سری لنکا سے آئی سی سی ٹورنامنٹ کی میزبانی چھینی جائے گی۔ ۲۰۲۳ء میں بھی ۲۰۲۴ء مردوں کے انڈر ۱۹/ عالمی کپ کی میزبانی ان سے واپس لے لی گئی تھی اور ٹورنامنٹ کو جنوبی افریقہ منتقل کر دیا گیا تھا۔

"خطروں کے کھلاڑی 15" سے جلد باہر ہونے کا درد اب بھی دل میں ہے: اونیکا گور

نئی دہلی (ایم این این): اداکارہ اونیکا گور نے "خطروں کے کھلاڑی ۱۵" سے اپنے ایلیمنیشن کے بعد پہلی مرتبہ اپنے تجربے اور جذبات کے بارے میں کھل کر بات کی ہے۔ شو سے اتنی جلدی باہر ہونا ان کے لیے آسان نہیں رہا۔ اونیکا نے کہا کہ ایلیمنیشن کے بعد جب وہ گھر بیٹھ کر شو دیکھتی ہیں تو ان کے ذہن میں بار بار یہ خیال آتا ہے کہ اگر وہ اس وقت وہاں موجود ہوتیں تو شاید اس سے بہتر کارکردگی دکھا سکتی تھیں۔ تاہم، بعد میں انہیں یہ احساس بھی ہوتا ہے کہ ٹی وی پر بیٹھ کر کسی اسٹنٹ کو دیکھنا اور خود خوف، دباؤ اور ایڈرینالین کے درمیان اسے انجام دینا بالکل مختلف چیزیں ہیں۔ اونیکا گور نے انسٹاگرام پر ایک طویل نوٹ شیئر کرتے ہوئے بتایا کہ "خطروں کے کھلاڑی" نے ان کی زندگی اور خود کو دیکھنے کے انداز پر گہرا اثر ڈالا ہے۔ انہوں نے لکھا کہ شو دیکھنے کے بعد انہیں اپنے بارے میں ایک بات محسوس ہوئی۔ وہ خود کو یہ سوچتے ہوئے پاتی ہیں کہ اگر وہ وہاں موجود ہوتیں تو انہوں نے ہار نہیں مانی ہوتی، مزید کوشش کی ہوتی اور بہتر کارکردگی دکھائی ہوتی۔ اونیکا نے مزاحیہ انداز میں کہا کہ شو کو آرام سے صوفے پر بیٹھ کر دیکھتے ہوئے انہیں ایسا محسوس ہونے لگتا ہے جیسے وہ "خطروں کے کھلاڑی" کی ماہر بن گئی ہوں۔ لیکن پھر انہیں یاد آتا ہے کہ وہ اپنی آرام دہ زندگی میں بیٹھ کر شو دیکھ رہی ہیں،

PUBLISHED BY: BISMA TAJAMUL, PRINTED BY: BISMA TAJAMUL on behalf of BISMA TAJAMUL R.N.I No: JKURD/2011/37141,
Printed At : K.T. Press Pvt Ltd. Rangreth Budgam J&K 190021 , Published From: NEW BUS STAND, BUDGAM J&K 191111, Editor: BISMA TAJAMUL
CONTACT NO. 9419786936, 6006551484, EMAIL: WATTANDAILY@GMAIL.COM,